# اسلام اور پاکستان

## مشقی کثیر الانتخابی سوالات (ٹیکسٹ بک)

www.ilmkidunya.com

-i نظریہ لفظ آئیڈیالوجی کا ترجمہ ہے۔ آئیڈیالوجی لفظ ہے:

(الف) اُردو کا (ب) عربی کا (ج) فرانسیسی کا (د) یونانی کا

-ii قراردادِ مقاصد 1949ء پیش کرنے والے وزیراعظم کا نام ہے:

(الف) خواجہ ناظم الدین (ب) محمد علی بوگرہ (ج) چودھری محمد علی (د) لیاقت علی خان

-iii برصغیر میں جداگانہ انتخابات کا مطالبہ سب سے پہلے کیا:

(الف) علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے (ب) سرسید احمد خان نے

(ج) چودھری محمد علی نے (د) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ نے

-iv قراردادِ لاہور پیش ہوئی:

(الف) 1930ء میں (ب) 1940ء میں (ج) 1945ء میں (د) 1950ء میں

-v عدل کے لفظی معنی ہیں:

(الف) پرامن اور خوشحال معاشرہ (ب) اجتماعی بہتری (ج) کردار کی تعمیر و تشکیل (د) کسی صحیح چیز کو صحیح جگہ پر رکھنا

-vi علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے 1930ء میں اپنا مشہور صدارتی خطبہ دیا:

(الف) دہلی میں (ب) لاہور میں (ج) کراچی میں (د) الٰہ آباد میں

-vii قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ نے پشاور میں طلبہ سے خطاب کیا:

(الف) 1945ء (ب) 1947ء (ج) 1946ء (د) 1948ء

-viii "کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر، کسی گورے کو کسی کالے پر اور کسی کالے کو کسی گورے پر کوئی فوقیت حاصل نہیں ہے۔"

آپ محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

(الف) نبوت کے فوراً بعد (ب) ہجرت مدینہ کے موقع پر

(ج) حجۃ الوداع کے موقع پر (د) صلح حدیبیہ کے موقع پر

-ix قراردادِ مقاصد پاس ہوئی:

(الف) 1948ء میں (ب) 1949ء میں (ج) 1950ء میں (د) 1951ء میں

-x "اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ دین اسلام ہے" جس سورۃ میں فرمایا:

(الف) سورۃ البقرہ (ب) سورۃ آل عمران (ج) سورۃ النساء (د) سورۃ المائدہ

# اضافی کثیر الانتخابی سوالات

1- آئیڈیالوجی کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) انگریزی زبان کا (B) یونانی زبان کا (C) فرانسیسی زبان کا (D) جرمن زبان کا

2- آئیڈیالوجی کتنے اجزاء پر مشتمل ہے؟

(A) 5 (B) 4 (C) 3 (D) 2

3- اسلامی معاشرہ دیگر معاشروں کے مقابلے میں ہے:

(A) نیا (B) بالکل منفرد (C) اجنبی (D) ترقی یافتہ

4- ............ سے افرادِ معاشرہ کے اعتقادات، رسم و رواج اور مذہبی معاملات مشترکہ ہوتے ہیں۔

(A) معیشت (B) نظریہ (C) سیاست (D) نظامِ حکومت

5- اسلامی نظریہ افراد کے ذہنوں پر اثر انداز ہوتا ہے:

(A) فطری طریقے سے (B) سائنسی طریقے سے (C) رسمی طریقے سے (D) منطقی طریقے سے

6- اسلامی نظریے کے سرچشمے میں شامل نہیں ہے:

(A) قرآن مجید (B) سنت نبوی ﷺ (C) قانون (D) اسلامی رسم و رواج

7- قرآن مجید کی تعلیمات کی مفصل تشریح ہے:

(A) سنت نبوی ﷺ (B) اسماء الرجال (C) اسلامی قوانین (D) آئین

8- "سنت" ایک اصطلاح ہے:

(A) اُردو زبان کی (B) فارسی زبان کی (C) عربی زبان کی (D) عبرانی زبان کی

9- "سنت" کے لفظی معنی ہیں:

(A) تشریح (B) راستہ جس کی پیروی کی جائے (C) احکامات جن پر عمل ہو (D) اسلامی اصول

10- نظریہ کی اہمیت کے حوالے سے درج ذیل نکات میں سے نہیں ہے:

(A) خیالات کا عکاس (B) رضائے الٰہی کا حصول (C) قانون کا احترام (D) درست فیصلے میں مددگار

11- پاکستان کی بنیاد ہے:

(A) شملہ وفد (B) معاشی اقتدار (C) قومی اتحاد (D) دوقومی نظریہ

12- 1930ء میں مسلم لیگ کے سالانہ جلسہ الٰہ آباد میں صدارتی خطبہ پیش کیا:

(A) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ نے (B) سرسید احمد خاں نے (C) علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے (D) لیاقت علی خاں نے

13- مسلم لیگ کے سالانہ جلسہ میں قراردادِ پاکستان پیش ہوئی:

(A) 1930ء میں (B) 1940ء میں (C) 1945ء میں (D) 1947ء میں

14- عدل کے لفظی معنی ہیں:

... ہمدردی کے (C) صحیح چیز کو صحیح جگہ پر رکھنا کے (D) قوانین کی پیروی کے

www.ilmkidunya.com

15- "آپ فرمادیجیے میرے رب نے عدل کا حکم دیا ہے" یہ ارشادِ ربانی ہے:

(A) سورۃ الاعراف میں (B) سورۃ المائدہ میں (C) سورۃ البقرہ میں (D) سورۃ الانعام میں

16- "اُخوت" کے معنی ہیں:

(A) محبت ومروت کے (B) قوت واستحکام کے (C) بھائی چارہ کے (D) باہمی تعاون کے

17- ........ اور برداشت اسلام کی نظر میں نہایت عظیم نیکیاں ہیں۔

(A) صبر وتحمل (B) رواداری (C) باہمی تعاون (D) ایثاروقربانی

18- باہمی جھگڑوں سے بچنے کے لیے بہترین ذریعہ ........ کہلاتا ہے۔

(A) باہمی تعاون (B) صبروتحمل (C) رواداری (D) حقوق کا احترام

19- ایسی ریاست جو اسلامی اصولوں پر مبنی عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کام کر رہی ہو، کہلاتی ہے:

(A) جمہوری ریاست (B) فلاحی ریاست (C) سیاسی ریاست (D) آمرانہ ریاست

20- سنہری اصول جس کے تحت اسلامی معاشرے میں غیر مسلموں کے جائز حقوق کا احترام کیا جاتا کہلاتا ہے:

(A) عدل وانصاف (B) اُخوت ومساوات (C) رواداری (D) معاشی خوش حالی

21- اسلامی فلاحی ریاست کے فرائض میں شامل نہیں ہے:

(A) اسلامی قوانین کا نفاذ (B) سہولیات کی فراہمی (C) اجتماعی ترقی (D) جماعتی بالادستی

22- عوام کو تمام بنیادی ضروریات فراہمی کی ذمہ داری ہے:

(A) عدالت کی (B) فوج کی (C) اسلامی ریاست کی (D) قائدین کی

23- مدینہ منورہ کی اسلامی فلاحی ریاست میں ........ کا قیام بنیادی ضروریات کی تکمیل کے لیے اہم قدم تھا۔

(A) عدلیہ (B) شوریٰ (C) صفہ (D) بیت المال

24- اسلامی ریاست کا فرض ہے کہ عوام کی جان ومال اور عزت وآبرو کی حفاظت کے لیے قائم کرے:

(A) نظام تعلیم (B) نظام حکومت (C) نظام زکوٰۃ (D) امن وامان

25- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے پہلی اسلامی ریاست کی بنیاد رکھی:

(A) مکہ مکرمہ میں (B) مدینہ منورہ میں (C) طائف میں (D) قبا میں

26- اسلامی فلاحی ریاست کے بنیادی اصولوں میں شامل نہیں ہے:

(A) جغرافیائی حد بندی (B) عقائد (C) مساوات کا قیام (D) حقوق العباد

27- "لوگو! اگر میں قرآن وسنت کے خلاف کوئی کام کروں تو میری پیروی نہ کرنا"۔ یہ پہلے خطبے میں فرمایا:

(A) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے (B) حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے

(C) حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے (D) حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے

28- اعلیٰ درجہ کی عبادت کا مقام حاصل ہے:

(A) خدمت خلق کو (B) نماز کی پابندی کو (C) قیام اللیل کو (D) رزق کمانے کو

29- برصغیر میں واحد قوم کے وجود کا تصور مسترد کر کے مسلم قوم کی جداگانہ حیثیت پر زور دیا:

(A) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ نے (B) لیاقت علی خان نے (C) علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے (D) چودھری رحمت علی نے

www.ilmkidunya.com

30- پہلے وزیراعظم پاکستان نے قراردادِ مقاصد کا مسودہ دستور ساز اسمبلی میں پیش کیا:

(A) 7 جنوری 1949ء کو (B) 7 فروری 1949ء کو (C) 7 مارچ 1949ء کو (D) 7 اپریل 1949ء کو

31- قراردادِ مقاصد کا مسودہ منظور ہوا:

(A) 9 جنوری 1949ء کو (B) 15 فروری 1949ء کو (C) 16 اپریل 1949ء کو (D) 12 مارچ 1949ء کو

32- جدیدیت میں شامل نہیں ہے:

(A) جدید صنعتی معاشرہ (B) مذہب کی پیروی (C) مادہ پرستی کی پوجا (D) پرانی روایات کی تردید

33- اسلام نے انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے جدید خیالات کی ہمیشہ کی ہے:

(A) تردید (B) تصدیق (C) حوصلہ افزائی (D) تکذیب

34- حدیث مبارکہ میں دانائی کی بات کو گمشدہ چیز قرار دیا گیا ہے:

(A) مومن کی (B) مجاہد کی (C) مبلغ کی (D) مفکر کی

35- اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے دنیا کی بادشاہت کا وعدہ دو شرائط کے ساتھ کیا ہے ان میں ایک ایمان اور دوسری:

(A) فوجی تربیت (B) اعلیٰ قیادت (C) جسمانی قوت (D) عمل صالح والی زندگی

36- جرائم کے سدباب اور امن و امان کے قیام کے لیے اسلام کے راہنما اصولوں کی تعداد ہے:

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

37- قرآن مجید کا یہ بنیادی اصول "دین میں کوئی جبر نہیں" کا خصوصی تعلق ہے:

(A) سائنس سے (B) علم سے (C) رواداری سے (D) مساوات سے

38- "بے شک پسندیدہ دین اللہ کے نزدیک صرف اسلام ہے" جس سورۃ میں فرمایا ہے:

(A) سورۃ الملک (B) سورۃ آل عمران (C) سورۃ النساء (D) سورۃ البقرہ

39- "تمھارے لیے تمھارا دین اور میرے لیے میرا دین ہے" یہ ارشاد ہے:

(A) سورۃ الکافرون میں (B) سورۃ الناس میں (C) سورۃ الاعلیٰ میں (D) سورۂ جن میں

40- "بے شک سب اہل ایمان (تو آپس میں) بھائی بھائی ہیں" یہ فرمان ہے:

(A) سورۃ الاعراف میں (B) سورۃ الحجرات میں (C) سورۃ النساء میں (D) سورۃ الدخان میں

41- شملہ وفد وائسرائے ہند سے ملا:

(A) 1906ء میں (B) 1907ء میں (C) 1908ء میں (D) 1909ء میں

42- اسلامی فلاحی ریاست میں اقتدار اعلیٰ کا مالک ہوتا ہے:

(A) قاضی (B) معلم (C) خلیفہ (D) اللہ تعالیٰ

43- پہلی اسلامی فلاحی ریاست کو بام عروج پر پہنچایا:

(A) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے (B) حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے

(C) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے (D) حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے

www.ilmkidunya.com

44- دوقومی نظریہ کی بنیاد پر مسلمانانِ ہند نے اپنے لیے مطالبہ کیا:

(A) الگ زبان کا (B) الگ مذہب کا (C) الگ سیاست کا **(D)** الگ ریاست کا

45- ''آپس میں کینہ نہ رکھو، حسد نہ کرو، ایک دوسرے سے منہ نہ پھیرو اور سب بھائی بھائی ہو جاؤ'' یہ حدیث ہے:

(A) مسلم شریف میں (B) سنن ابن ماجہ میں (C) سنن ابی داؤد میں **(D)** بخاری شریف میں

46- آپ رسُولُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا ''ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے'':

(A) صحیح بخاری میں **(B)** صحیح مسلم میں (C) سنن ابی داؤد میں (D) سنن ابن ماجہ میں

## مشقی مختصر جوابی سوالات (ٹیکسٹ بک)

**i- رواداری کا مفہوم لکھیں۔**

**جواب:** رواداری سے مراد ہے کہ دوسروں کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا جائے اور ان کے جذبات اور احساسات کا خیال رکھا جائے۔ اسلام رواداری پر یقین رکھتا ہے اور دوسروں کے عقائد و اقدار، جذبات، تہذیب و ثقافت وغیرہ کا لحاظ رکھتا ہے۔ مذہبی رواداری کے حوالے سے قرآن و سنت میں واضح ہدایات موجود ہیں۔ رواداری کے متعلق سے قرآن مجید کا سب سے بنیادی اصول یہ ہے کہ دین میں کوئی جبر نہیں۔ یہ انسان کی آزادی فکر و عقیدہ کا سب سے اہم اعلامیہ (چارٹر) ہے۔ کسی کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ اپنی مرضی کے فکر و عقیدہ کو دوسروں پر مسلط کرنے کی کوشش کرے۔

**ii- بقائے باہمی کا کیا مطلب ہے؟**

**جواب:** بقائے باہمی کا مطلب ہے دوسرے انسانوں کے ساتھ امن و امان، باہمی صلح اور محبت کے ساتھ رہنا ہے۔ دنیا کی آبادی کی غالب اکثریت کسی نہ کسی مذہب کی پیروکار ہے اور ان کے تصورات یعنی رواداری، امن و امان، باہمی صلح، بقائے باہمی اور محبت بہت ہی اہم اصول ہیں۔

**iii- جدیدیت کسے کہتے ہیں؟**

**جواب:** جدیدیت سے مراد نئے خیالات اور نئے آلات ہیں جنھوں نے انیسویں صدی کے پبلک اور پرائیویٹ تعلقات کو پسِ پشت ڈالتے ہوئے نئے خیالات کو جنم دیا اور جدید صنعتی معاشرہ قائم کیا جس میں شہروں کو ترقی دی گئی، مادہ پرستی کی پوجا کی گئی اور مذہب سے انکار کیا گیا یعنی جدیدیت نے پرانی روایات مسترد کرتے ہوئے نئی معاشرتی اقدار قائم کیں جن کا مذہب سے کوئی سروکار نہیں ہے۔

**iv- نظریہ کی تعریف لکھیں۔**

**جواب:** نظریہ کے لیے انگریزی لفظ آئیڈیالوجی استعمال کیا جاتا ہے جو ایک فرانسیسی لفظ کا ترجمہ ہے۔ یہ دو اجزاء ''آئیڈیا'' اور ''لوجی'' پر مشتمل ہے۔ نظریے کا مفہوم ہے اندازِ فکر اور تصورِ حیات وغیرہ۔ نظریہ عام طور پر اُس تہذیبی یا معاشرتی لائحہ عمل کو کہتے ہیں جو کسی قوم کا مشترکہ نصب العین بن جائے۔ نظریے کا لفظ زیادہ وسیع معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس سے انسانی زندگی کا ایسا نظام وجود میں آتا ہے جس میں اعتقادات اور زندگی کے مقاصد شامل ہوں۔ نظریہ کسی بھی معاشرہ کو ایسی شکل میں لے آتا ہے جس میں افراد کے اعتقادات، رسم و رواج اور مذہبی معاملات مشترکہ ہوتے ہیں۔

**v- خارجہ پالیسی سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** بیرونی ممالک سے تعلقات استوار کرنا، انھیں فروغ دینا اور قومی مفاد کے حصول کے لیے بین الاقوامی سطح پر مناسب اقدامات اٹھانا، خارجہ پالیسی کہلاتا ہے۔

**vi- دوقومی نظریہ کی تعریف کریں۔**

**جواب:** برصغیر پاک و ہند میں دو قومیں یعنی ہندو اور مسلمان آباد تھیں جن کی سیاسی، مذہبی، معاشرتی اور معاشی اقدار مختلف تھیں۔ ان دو اقوام کے نظریات بالکل مختلف تھے جن کی بنیاد اسلام اور ہندو ازم پر تھی۔ تحریک پاکستان کی بنیاد بھی دوقومی نظریہ تھا یعنی برصغیر پاک و ہند میں ہندو اور مسلمان دو مختلف قومیں جو ہندو ازم اور اسلام پر ایمان رکھتی تھیں۔ ان دونوں اقوام کے طرزِ زندگی اور بود و باش بالکل مختلف تھے۔

www.ilmkidunya.com

vii- علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے 1930ء میں خطبہ الہ آباد میں کیا فرمایا؟

جواب: آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: انڈیا ایک برصغیر ہے، ملک نہیں۔ یہاں مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے اور مختلف زبانیں بولنے والے لوگ رہتے ہیں۔ مسلم قوم اپنی جداگانہ مذہبی اور ثقافتی پہچان رکھتی ہے۔

viii- قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ نے 1943ء کے اجلاس منعقدہ کراچی میں کیا فرمایا؟

جواب: قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ نے مسلم لیگ کے 1943ء کے سالانہ اجلاس منعقدہ کراچی میں فرمایا: وہ کون سا رشتہ ہے جس سے منسلک ہونے سے تمام مسلمان جسدِ واحد کی طرح ہیں؟ وہ کون سی چٹان ہے جس پر ملت کی عمارت استوار ہے؟ وہ کون سا لنگر ہے جس سے اُمت کی کشتی محفوظ ہے؟ وہ رشتہ، وہ چٹان اور وہ لنگر اللہ تعالیٰ کی کتاب قرآن مجید ہے۔

## اضافی مختصر جوابی سوالات

1- نظریے کا مفہوم بیان کریں۔

جواب: نظریہ فرانسیسی لفظ آئیڈیالوجی کا ترجمہ ہے، یہ دو اجزاء ''آئیڈیا'' اور ''لوجی'' پر مشتمل ہے۔ نظریے کا مفہوم ہے اندازِ فکر اور تصورِ حیات وغیرہ۔

2- نظریے کی تعریف کیجیے۔

جواب: نظریہ عام طور پر اس تہذیبی یا معاشرتی لائحہ عمل کو کہتے ہیں جو کسی قوم کا مشترکہ نصب العین بن جائے۔ نظریے کا لفظ زیادہ وسیع معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے اس سے انسانی زندگی کا ایسا نظام وجود میں آتا ہے جس میں اعتقادات اور زندگی کے مقاصد شامل ہوں۔

3- اسلامی معاشرہ دیگر معاشروں سے کس طرح منفرد ہے؟

جواب: اسلامی معاشرہ دیگر معاشروں کے مقابلے میں بالکل منفرد ہے۔ یہ الہامی اصولوں اور نظریات پر قائم ہے جو قرآن مجید اور رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت سے حاصل کیے گئے ہیں۔

4- اسلامی نظریہ افراد کے ذہنوں کو کیسے متاثر کرتا ہے؟

جواب: اسلامی نظریہ افراد کے ذہنوں پر فطری طریقے سے اثر انداز ہوتا ہے۔ اس طرح اسلام کے ابدی اصولوں پر افراد کا ایمان پختہ ہو جاتا ہے۔

5- اسلامی نظریے کا سرچشمہ کیا ہے؟

جواب: اسلامی نظریے کا سرچشمہ قرآن مجید، رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت اور اسلامی رسم و رواج ہے۔

6- نظریے کا ماخذ ہونے کے حوالے سے قرآن مجید کی کیا اہمیت ہے؟

جواب: قرآن مجید کے احکام اسلام کی بنیاد ہیں۔ ان سے سیاسی، معاشی اور معاشرتی قوانین و حقوق کے سلسلے میں مفصل و مکمل راہ نمائی حاصل ہوتی ہے۔ جس کی بدولت انفرادی اور اجتماعی سطح پر زندگی خوشگوار، پُرامن اور بامقصد ہو جاتی ہے۔

7- نظریے کے ماخذ کی حیثیت سے رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کی کیا اہمیت ہے؟

جواب: ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسلامی احکامات کو اپنے اقوال و افعال سے واضح فرمایا ہے۔ قرآن مجید کی تعلیمات کی مفصل تشریح آپ رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت سے ملتی ہے جو اسلامی اصول و قوانین کا سرچشمہ ہے۔

8- سنت کے لفظی معانی اور مفہوم بیان کریں۔

جواب: سنت ایک عربی اصطلاح ہے۔ اس کے لفظی معنی ہیں: ''ایسا راستہ جس کی پیروی کی جائے''۔ قرآن مجید اسلامی اصولوں کے بنیادی خدوخال بیان کرتا ہے لیکن ان کی تشریح حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث سے ملتی ہے۔ اسلام کے بنیادی ارکان کی تفصیلات بھی آپ رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیان فرمائی ہیں۔

www.ilmkidunya.com

-9 نظریہ کے ماخذ میں رسم و رواج کی کیا اہمیت ہے؟

جواب: مختلف علاقوں میں پائے جانے والے ایسے رسم و رواج اور ایسی اقدار جو اسلامی تعلیمات کے منافی نہ ہوں مسلمانوں کو اجازت ہے کہ وہ انھیں اپنے مخصوص خطے یا علاقے میں اختیار کر سکتے ہیں ان میں میلے، اجتماعات اور دیگر تقریبات شامل ہیں۔

-10 نظریہ کی اہمیت کے چار نکات بیان کریں۔

جواب: نظریہ کی اہمیت درج ذیل عنوانات سے واضح ہے:

-1 خیالات کا عکاس -2 قومی اتحاد کا سرچشمہ -3 رضائے الٰہی کا حصول -4 درست فیصلے میں مددگار

-11 دو قومی نظریہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: دو قومی نظریہ پاکستان کی بنیاد ہے، اس سے مراد یہ ہے کہ برصغیر پاک و ہند میں دو قومیں یعنی ہندو اور مسلمان آباد تھیں جن کی سیاسی، مذہبی، معاشرتی اور معاشی اقدار مختلف تھیں۔ ان دو اقوام کے نظریات بالکل مختلف تھے جن کی بنیاد اسلام اور ہندوازم پر تھی۔

-12 تحریک پاکستان اور قیام پاکستان کا بنیادی کون سا نظریہ تھا؟

جواب: تحریک پاکستان کی بنیاد دو قومی نظریہ تھا یعنی برصغیر پاک و ہند میں ہندو اور مسلمان دو مختلف قومیں ہیں جو ہندوازم اور اسلام پر ایمان رکھتی ہیں، اسی دو قومی نظریہ کی بنیاد پر مسلمانانِ ہند نے اپنے لیے الگ ریاست کا مطالبہ کیا اور آخر کار پاکستان معرض وجود میں آیا۔

-13 دو قومی نظریہ کا آغاز کب ہوا؟

جواب: دو قومی نظریہ کا آغاز اُردو ہندی تنازعہ سے ہوا جس میں سر سید احمد خان نے پہلی مرتبہ 1867ء میں یہ اصطلاح استعمال کی۔

-14 مسلم لیگ کا قیام کیسے عمل میں آیا؟

جواب: مسلمانوں کے چند رہنماؤں نے وائسرائے لارڈ منٹو سے شملہ کے مقام پر 1906ء میں ملاقات کر کے جداگانہ انتخابات مطالبہ کو دہرایا اور اسی مطالبہ کی بنیاد پر مسلم لیگ کا قیام عمل میں آیا۔

-15 علامہ محمد اقبال ﷫ کے خطبہ الٰہ آباد پر نوٹ لکھیں۔

جواب: علامہ محمد اقبال ﷫ نے 1930ء میں مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس الٰہ آباد میں صدارتی خطبہ دیتے ہوئے فرمایا "ہندوستان کے شمال مغربی علاقے جہاں مسلمان اکثریت میں ہیں، پر مشتمل مسلمانوں کا آزاد ملک بنایا جائے"۔

-16 قراردادِ پاکستان/قراردادِ لاہور سے کیا مراد ہے؟

جواب: قائداعظم ﷫ نے دو قومی نظریے کو آگے بڑھایا اور 1940ء میں لاہور کے مسلم لیگ کے سالانہ جلسہ میں دو قومی نظریہ کی وضاحت کرتے ہوئے مسلمانوں کے لیے الگ ملک کا مطالبہ کیا اس جلسہ میں متفقہ طور پر ایک قرارداد منظور ہوئی جسے قراردادِ لاہور یا قراردادِ پاکستان کا نام دیا گیا، جس کو عملی جامہ پہناتے ہوئے قائداعظم ﷫ نے 1947ء میں پاکستان بنایا۔

-17 اسلام کے چار بنیادی اصول تحریر کریں۔

جواب: اسلام کے بنیادی اصول درج ذیل ہیں:

-1 اقتدارِ اعلیٰ -2 عدل و انصاف -3 مساوات -4 اخوت

-18 اقتدارِ اعلیٰ کا اسلامی تصور کیا ہے؟

جواب: اسلامی معاشرہ اس بات پر کامل ایمان رکھتا ہے کہ اس کائنات کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے اور وہی اس پوری کائنات کا حاکم اعلیٰ ہے۔ عوام کے نمائندے صرف ان حدود کے اندر اختیارات استعمال کر سکتے ہیں جو اسلام نے متعین کر دی ہیں۔

-19 عدل سے کیا مراد ہے؟

جواب: عدل کے لفظی معنی ہیں کہ کسی چیز کو صحیح جگہ پر رکھنا۔ یہ قانون الٰہی کی اصل بنیاد ہے۔ اصطلاح میں معاشرتی مساوات اور انصاف کی فضا قائم کرنے کو عدل کہتے ہیں۔

-20 عدل وانصاف کی اہمیت پر قرآن مجید کی ایک آیت کا ترجمہ لکھیں۔

جواب: اسلام عدل کرنے پر زور دیتا ہے۔ قرآن میں ارشاد ہے: "اگر آپ فیصلہ فرمائیں تو ان کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ فرما دیجیے، بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے"۔ (سورۃ المائدہ آیت نمبر 42)

-21 اسلام میں مساوات کی کیا اہمیت ہے؟

جواب: اسلام انسانوں کے درمیان مساوات کا علم بردار ہے۔ اسلام رنگ ونسل، زبان وثقافت، اور عمارت وغربت سمیت تمام امتیازات کی نفی کرتا ہے۔

-22 حجۃ الوداع کے موقع پر حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے مساوات سے متعلق کیا ارشاد فرمایا؟

جواب: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر ارشاد فرمایا: "تمام انسان حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں۔ کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر، کسی گورے کو کسی کالے پر اور کسی کالے کو کسی گورے پر کوئی فوقیت حاصل نہیں ہے جب کہ فوقیت اور برتری کی بنیاد تقویٰ ہے نہ کہ دولت یا اختیار و اقتدار"۔

-23 اسلام میں اُخوت کا کیا مقام ہے؟

جواب: اُخوت کے معنی بھائی چارے کے ہیں۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے: "بے شک سب اہل ایمان تو آپس میں بھائی بھائی ہیں"۔
اُخوت کا اصول اسلامی معاشرے کا ایک اہم پہلو ہے۔ بھائی بھائی ہونے کی حیثیت سے وہ ایک دوسرے کے دکھ سکھ خوشی اور غم میں شریک ہوتے ہیں اُخوت اور بھائی چارے کا احساس محبت، باہمی تعاون اور قربانی کے جذبات کو اُبھارتا ہے۔

-24 اُخوت سے متعلق ایک حدیث نبوی ﷺ کا ترجمہ لکھیں۔

جواب: ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا:
"ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے" (صحیح بخاری حدیث نمبر 6065)

-25 اسلامی اصولوں میں رواداری کی کیا حیثیت ہے؟

جواب: رواداری اور برداشت اسلام کی نظر میں نہایت عظیم نیکیاں ہیں جو انسان کو مشکل اور دشواری سے بچاتی ہیں اور دوسروں کے لیے پیار و محبت کا ذریعہ بنتی ہیں۔ لوگوں کے درمیان سماجی تعلقات قائم کرنے کا بہترین ذریعہ یہ ہے کہ دوسروں کی غلطیوں کو نظر انداز کیا جائے۔

-26 رواداری کے دو فوائد تحریر کریں۔

جواب: 1- باہمی جھگڑوں سے بچنے کے لیے رواداری بہترین ذریعہ ہے۔
2- اس کی وجہ سے اُخوت اور امن کا ماحول فروغ پاتا ہے اور انسانی رشتوں میں استحکام آتا ہے۔

-27 رواداری سے متعلق ایک ارشاد باری تعالیٰ تحریر کریں۔

جواب: اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں فرمایا ہے:
"دین میں کوئی زبردستی نہیں ہے۔ بے شک ہدایت گمراہی سے خوب واضح ہو چکی ہے"۔ (سورۃ البقرۃ آیت نمبر 256)

-28 رواداری کا سنہری اصول کیا ہے؟

جواب: رواداری کا سنہری اصول یہ ہے کہ اسلامی معاشرے میں غیر مسلموں کے جائز حقوق کا احترام کیا جاتا ہے اور انھیں مکمل تحفظ فراہم کیا جاتا ہے اس لیے ایسے افراد پر نظر رکھنا ضروری ہوتا ہے جو اپنے خیالات اور نظریات کو دوسروں پر مسلط کرتے ہیں اور دوسروں کے جذبات مجروح کرتے ہیں۔

-29 اسلامی اصولوں کے عوامی اخلاق پر چار اثرات تحریر کریں۔

جواب: 1- پاکستان میں اسلامی اصول عوامی اخلاق پر مثبت طور پر اثر انداز ہوتے ہیں۔
2- لوگوں کو عدل وانصاف پر قائم رہنے پر راغب کرتے ہیں۔

www.ilmkidunya.com

3- اسلامی اصولوں کو اپنانے سے سماجی تفریق ختم ہوتی ہے اور لوگوں میں مل جل کر رہنے کا سلیقہ پیدا ہوتا ہے۔

4- اس طرح اُخوت اور امن و امان کا ماحول فروغ پاتا ہے۔

**30- اسلامی فلاحی ریاست سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** اسلامی فلاحی ریاست سے مراد ایسی ریاست ہے جو اسلامی اصولوں پر مبنی عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کام کر رہی ہو اور جس کا مقصد ایسا معاشرہ قائم کرنا ہو جہاں عدل و انصاف، مساوات، اُخوت اور معاشی خوش حالی ہو۔

**31- اسلامی فلاحی ریاست کے چار فرائض تحریر کریں۔**

**جواب:** 1- حکومت الٰہیہ کا قیام 2- اسلامی قوانین کا نفاذ 3- سہولیات کی فراہمی 4- اجتماعی ترقی

**32- اسلامی فلاحی ریاست میں افراد کی بنیادی ضروریات کیا ہیں؟**

**جواب:** عوام کو تمام بنیادی ضروریات یعنی روٹی، کپڑا اور مکان مہیا کرنا حکومت کی اہم ذمہ داری ہے۔ سوشل سیکیورٹی کی تمام سکیموں کو پایہ تکمیل تک پہنچانا اسلامی ریاست کا فریضہ ہے۔ مدینہ منورہ میں قائم فلاحی ریاست میں بیت المال کا قیام اپنے شہریوں کی بنیادی ضروریات کی تکمیل کی طرف ایک اہم قدم تھا۔

**33- اسلامی فلاحی ریاست میں دولت کی منصفانہ تقسیم کیوں ضروری ہے؟**

**جواب:** اسلامی فلاحی ریاست قوم کی دولت کو چند ہاتھوں میں مرتکز نہیں ہونے دیتی بلکہ دولت کی گردش کو یقینی بناتی ہے تاکہ معاشرے کے تمام لوگ اس سے مستفید ہو سکیں۔ اسلامی ریاست دولت کی منصفانہ تقسیم کے ذریعے سے عوام کو سماجی تحفظ فراہم کرتی ہے تاکہ غربت کو دور کیا جا سکے۔ اس سلسلے میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا دور ایک مثالی دور تھا جس میں غربت اور مفلسی ختم ہو گئی تھی۔

**34- امن و امان کے قیام کے حوالے سے فلاحی ریاست کا کیا فرض ہے؟**

**جواب:** اسلامی ریاست کا فرض ہے کہ وہ ریاست میں امن و امان قائم کرے تاکہ عوام پُر سکون زندگی بسر کر سکیں اور ان کی جان و مال اور عزت و آبرو کی حفاظت ممکن ہو سکے۔ اس کے لیے قوانین کا مؤثر نفاذ اور نظامِ عدل کا مضبوط اور خود مختار ہونا ضروری ہے۔

**35- خارجہ پالیسی سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** بیرونی ممالک سے تعلقات استوار کرنا، انھیں فروغ دینا اور قومی مفاد کے حصول کے لیے بین الاقوامی سطح پر اقدامات اٹھانا خارجہ پالیسی کہلاتی ہے۔

**36- خارجہ پالیسی کے حوالے سے اسلامی فلاحی ریاست کا کیا فرض ہے؟**

**جواب:** اسلامی فلاحی ریاست کا فرض ہے کہ وہ اسلامی ممالک کے ساتھ تعلقات کو اپنی خارجہ پالیسی کی ترجیحات میں شامل کرے تاکہ بین الاقوامی سطح پر اسلامی بھائی چارے کی عمدہ مثال پیش کی جا سکے۔

**37- اسلامی فلاحی ریاست کے چار بنیادی اصول تحریر کریں۔**

**جواب:** اسلامی فلاحی ریاست کے بنیادی اصول درج ذیل ہیں۔

1- اللہ تعالیٰ کی حاکمیت اعلیٰ 2- عدل و انصاف کا قیام 3- مساوات کا قیام 4- اظہار رائے کی آزادی

**38- پہلی اسلامی فلاحی ریاست کے قیام پر نوٹ لکھیں۔**

**جواب:** حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مدینہ منورہ میں پہلی اسلامی ریاست کی بنیاد رکھی جس میں توحید، مساوات، عدل و انصاف، اخلاق و تقویٰ اور حصول علم کے بنیادی اصول اپنائے گئے۔ مدینہ منورہ کی مثالی اسلامی ریاست نے ایک فلاحی منصفانہ اور بنیادی حقوق کے یکساں محافظ معاشرے کا تجربہ پوری دنیا کو کامیاب کر کے دکھایا۔

www.ilmkidunya.com

# سیاسی اور آئینی ارتقا

## مشقی کثیر الانتخابی سوالات (ٹیکسٹ بک)

i- 1956ء کا آئین ملک میں نافذ رہا:

(الف) دو سال (ب) اڑھائی سال (ج) تین سال (د) چار سال

ii- بنگلہ دیش کے قیام کے بعد جنرل محمد یحییٰ خان نے باقی ماندہ مغربی پاکستان میں اقتدار سپرد کر دیا:

(الف) فضل الٰہی چودھری کے (ب) ذوالفقار علی بھٹو کے (ج) فیروز خاں نون کے (د) چودھری ظہور الٰہی کے

iii- اگست 1990ء میں محترمہ بے نظیر کی حکومت کو برطرف کیا:

(الف) غلام اسحاق خاں نے (ب) فاروق احمد لغاری نے (ج) بلخ شیر مزاری نے (د) وسیم سجاد نے

iv- ملک کا نظام چلانے کے لیے ایک عبوری آئین 1972ء میں بنایا گیا اور مستقبل کے آئین کے لیے نومنتخب قومی اسمبلی کے ارکان پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی گئی:

(الف) 10 (ب) 15 (ج) 20 (د) 25

v- ملک میں پہلے عام انتخابات جس سال ہوئے:

(الف) 1964ء (ب) 1968ء (ج) 1970ء (د) 1972ء

vi- 1973ء کا آئین نافذ ہوا:

(الف) 11۔اگست کو (ب) 12۔اگست کو (ج) 13۔اگست کو (د) 14۔اگست کو

vii- وفاق میں وزارت کا انتظامی سربراہ ہوتا ہے:

(الف) وزیر (ب) سیکرٹری (ج) ایڈیشنل سیکرٹری (د) جوائنٹ سیکرٹری

viii- صوبائی حکومت کا سربراہ ہوتا ہے:

(الف) صدر (ب) گورنر (ج) وزیر اعلیٰ (د) سپیکر

ix- جس آئینی ترمیم میں مسلمان کی تعریف کی گئی:

(الف) دوسری (ب) پانچویں (ج) اٹھارویں (د) آٹھویں

x- جس آئینی ترمیم میں NWFP کو خیبر پختونخوا کا نام دیا گیا:

(الف) چودھویں (ب) اٹھارھویں (ج) بیسویں (د) بائیسویں

## اضافی کثیر الانتخابی سوالات

1- قیام پاکستان کے بعد پاکستان میں.................نظام رائج کیا گیا، جو آج تک رائج ہے۔

(A) وفاقی صدارتی (B) وفاقی پارلیمانی جمہوری (C) وفاقی آمرانہ (D) وفاقی اشتراکیتی

2- مغربی پاکستان کے چاروں صوبوں کو ملا کر ایک صوبہ بنا دیا گیا جسے نام دیا گیا:

(A) مغربی پاکستان (B) مشرقی پاکستان (C) ون یونٹ (D) وفاقی یونٹ

3- وزیر اعظم چودھری محمد علی کی زیر قیادت دستور ساز اسمبلی نے نئے آئین کی منظوری دی:

(A) 1952ء میں (B) 1954ء میں (C) 1956ء میں (D) 1962ء میں

www.ilmkidunya.com

4- ملک کا نام اسلامی جمہوریہ رکھا گیا اور وفاقی پارلیمانی نظام قائم کیا گیا:

**(A)** 1956ء میں (B) 1957ء میں (C) 1972ء میں (D) 1962ء میں

5- 1956ء کا آئین نافذ رہا:

(A) دو سال **(B)** اڑھائی سال (C) تین سال (D) ساڑھے تین سال

6- جنرل محمد ایوب خاں کی کوششوں سے پاکستان میں دوسرے آئین کا نفاذ ہوا:

(A) 1960ء میں (B) 1961ء میں **(C)** 1962ء میں (D) 1963ء میں

7- 25 مارچ 1969ء کو مارشل لاء نافذ کیا اور آئین کو منسوخ کر دیا:

**(A)** جنرل محمد ایوب خاں نے (B) چودھری محمد علی نے (C) جنرل غلام محمد نے (D) جنرل محمد یحییٰ خاں نے

8- مشرقی پاکستان، پاکستان سے علیحدہ ہو کر "بنگلہ دیش" کے نام سے ایک نیا ملک بنا:

**(A)** 16 دسمبر 1971ء کو (B) 16 دسمبر 1972ء کو (C) 16 دسمبر 1970ء کو (D) 6 دسمبر 1971ء کو

9- جنرل یحییٰ خان نے اقتدار پاکستان پیپلز پارٹی کے راہنما ذوالفقار علی بھٹو کے سپرد کر دیا:

(A) 20 مارچ 1969ء کو (B) 30 مارچ 1970ء کو **(C)** 20 دسمبر 1971ء کو (D) 20 جنوری 1970ء

10- ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت نے پاکستان کا تیسرا آئین ملک میں نافذ کیا:

(A) 14 اگست 1970ء کو (B) 14 اگست 1971ء کو (C) 14 اگست 1972ء کو **(D)** 14 اگست 1973ء کو

11- 5 جولائی 1977ء کو ملک میں مارشل لاء نافذ کر کے 1973ء کے آئین کو معطل کر دیا:

(A) جنرل محمد ایوب خاں نے (B) جنرل یحییٰ خاں نے (C) جنرل غلام محمد نے **(D)** جنرل محمد ضیاء الحق نے

12- اگست 1990ء میں محترمہ بےنظیر بھٹو کی حکومت برطرف کر دی:

**(A)** غلام اسحاق خاں نے (B) فاروق احمد خاں لغاری نے (C) معراج خالد نے (D) معین قریشی نے

13- 12 اکتوبر 1999ء کو محمد نواز شریف کی حکومت کو ختم کر کے اقتدار سنبھالا:

(A) صدر غلام اسحاق خاں نے **(B)** جنرل پرویز مشرف نے (C) شوکت عزیز نے (D) میر ظفر اللہ خاں جمالی نے

14- جولائی 2018ء میں عام انتخابات میں اکثریتی جماعت بن کر ابھری۔

(A) مسلم لیگ ن (B) پاکستان پیپلز پارٹی **(C)** پاکستان تحریک انصاف (D) مسلم لیگ ق

15- اپریل 2022ء میں وزیراعظم .................. کے خلاف تحریک عدم اعتماد کامیاب ہوئی۔

(A) میاں نواز شریف (B) یوسف رضا گیلانی (C) میاں محمد سومرو **(D)** عمران خان

16- سیاسی جماعتوں کے فرائض میں شامل نہیں ہے:

(A) رائے عامہ تشکیل دینا (B) قومی مسائل سے آگاہی (C) انتخابی منشور سے آگاہی **(D)** باہمی اختلافات

17- لاول (Lowell) کے مطابق .................. کے بغیر عوام کی حکومت کا تصور محض وہم و خیال ہے۔

(A) جمہوریت (B) وفاقی حکومت **(C)** سیاسی جماعتوں (D) صوبائی حکومت

18- سیاسی جماعتوں کا لازمی فرض اور ان کے وجود کا مقصد .................. کو منظم کرنا ہے۔

(A) انتخابی منشور (B) ترقیاتی پروگرام **(C)** رائے عامہ (D) عوام کے فیصلے

19- 1956ء کے دستور کے مطابق ملک میں دو قومی زبانیں قرار پائیں:

(A) اردو اور انگریزی زبان (B) اردو اور فارسی زبان (C) پنجابی اور سرائیکی زبان **(D)** اردو اور بنگالی زبان

20- 1962ء کے آئین کو منسوخ کیا گیا:

**(A)** 1969ء میں (B) 1970ء میں (C) 1971ء میں (D) 1972ء میں

21- مشرقی پاکستان کی علیحدگی کی وجوہات میں شامل نہیں ہے:

(A) نااہل ملکی قیادت (B) ہندوؤں کے اثرات (C) معاشی پسماندگی **(D)** معاشی ترقی

22- پاکستان کا پہلا متفقہ آئین جسے تمام سیاسی جماعتوں کی حمایت حاصل تھی نافذ کیا گیا:

(A) 10 اگست 1973ء کو (B) 12 اگست 1973ء کو (C) 13 اگست 1973ء کو **(D)** 14 اگست 1973ء کو

23- ملک کا سربراہ ہوتا ہے:

**(A)** صدر پاکستان (B) وزیر اعظم پاکستان (C) چیف جسٹس پاکستان (D) وزیر خارجہ

24- وفاقی حکومت کا سربراہ ہوتا ہے:

(A) صدر **(B)** وزیر اعظم (C) وفاقی وزیر (D) سیکرٹری

25- وفاقی کابینہ مشتمل ہوتی ہے:

(A) وزیر اعظم پر (B) وزراء پر **(C)** وزیر اعظم اور وزراء پر (D) وفاقی وزراء پر

26- وزارت کا سیاسی سربراہ ہوتا ہے:

**(A)** وفاقی وزیر (B) وزیر اعظم (C) سیکرٹری (D) وزیر مملکت

27- وزارت کا انتظامی سربراہ ہوتا ہے، کاروبار حکومت چلانے میں مدد دیتا ہے:

(A) وفاقی وزیر **(B)** سیکرٹری (C) وزیر مملکت (D) وزیر اعظم

28- ڈویژن کا سیاسی سربراہ ہوتا ہے وہ ڈویژن اور وزیر اعظم کے درمیان رابطے کا کام کرتا ہے:

(A) وفاقی وزیر (B) سیکرٹری **(C)** وزیر مملکت (D) وزیر اعظم

29- ڈویژن کا انتظامی سربراہ ہوتا ہے جو پالیسی بنانے میں اور دیگر فیصلے کرنے میں مدد دیتا ہے:

(A) وفاقی وزیر (B) سیکرٹری **(C)** ایڈیشنل سیکرٹری (D) وزیر مملکت

30- گریڈ 20 کا افسر ہوتا ہے اور ایڈیشنل سیکرٹری سے جونیئر ہوتا ہے:

(A) سیکرٹری **(B)** جوائنٹ سیکرٹری (C) ایڈیشنل سیکرٹری (D) ڈپٹی سیکرٹری

31- صوبائی حکومت کا سربراہ ہوتا ہے جس کو صدر نامزد کرتا ہے:

**(A)** صوبائی گورنر (B) سیکرٹری (C) وزیر اعلیٰ (D) سیکشن آفیسر

32- صوبے کا انتظامی سربراہ ہوتا ہے:

(A) صوبائی گورنر (B) سیکرٹری **(C)** وزیر اعلیٰ (D) سیکشن آفیسر

33- انتظامی امور کے لیے صوبے کا سربراہ ہوتا ہے۔ افسر شاہی کا سینئر ترین فرد ہوتا ہے:

(A) صوبائی گورنر (B) وزیر اعلیٰ **(C)** چیف سیکرٹری (D) سیکرٹری

34- ہر محکمہ کا انتظامی سربراہ ہوتا ہے گریڈ 20 کا افسر ہوتا ہے محکمے کے وزیر کی معاونت کرتا ہے:

(A) صوبائی گورنر **(B)** سیکرٹری (C) وزیر اعلیٰ (D) چیف سیکرٹری

35- اپنی برانچ کا سربراہ ہوتا ہے۔ 18-19 گریڈ کا افسر ہوتا ہے:

(A) صوبائی گورنر (B) سیکرٹری **(C)** ڈپٹی سیکرٹری (D) وزیر اعلیٰ

36- ملک کی سب سے بڑی عدالت ہے:

**(A)** عدالت عظمیٰ (B) عدالت عالیہ (C) دیوانی عدالت (D) فوجداری عدالت

www.ilmkidunya.com

37- صوبائی سطح پر بڑی عدالتیں ہیں جو کہ.............. کہلاتی ہیں۔

(A) عدالت عظمیٰ (B) عدالت عدالیہ (C) مقامی عدالتیں (D) ضلعی عدالتیں

38- 1973ء کے آئین کی اسلامی دفعات میں شامل نہیں ہے:

(A) مسلمان کی تعریف (B) ملک کا نام (C) اسلامی اقدار (D) معاشرتی ترقی

39- صدر اور وزیر اعظم کا مسلمان ہونا ضروری قرار دیا گیا:

(A) 1956ء کے آئین میں (B) 1962ء کے آئین میں (C) 1973ء کے آئین میں (D) 1981ء کے عبوری آئین میں

40- آئین کی جس ترمیم میں بنگلہ دیش کو تسلیم کیا گیا:

(A) پہلی (B) دوسری (C) تیسری (D) چوتھی

41- وہ ترمیم جس میں مسلمان کی تعریف بیان کی گئی اور احمدیوں کو غیر مسلم قرار دیا گیا:

(A) پہلی (B) دوسری (C) تیسری (D) چوتھی

42- صدر کو قومی اسمبلی اور حکومت تحلیل کرنے کا اختیار دیا گیا:

(A) چھٹی ترمیم میں (B) ساتویں ترمیم میں (C) آٹھویں ترمیم میں (D) نویں ترمیم میں

43- صوبہ سرحد کا نام "خیبر پختونخوا" رکھا گیا:

(A) اٹھارویں ترمیم میں (B) سترھویں ترمیم میں (C) سولہویں ترمیم میں (D) انیسویں ترمیم میں

44- چیف الیکشن کمشنر کے اختیارات طے کیے گئے:

(A) 20ویں ترمیم میں (B) 21ویں ترمیم میں (C) 22ویں ترمیم میں (D) 23ویں ترمیم میں

45- اراکین اسمبلی کے پارٹی تبدیل کرنے پر پابندی لگادی گئی:

(A) بارھویں ترمیم میں (B) چودھویں ترمیم میں (C) سولہویں ترمیم میں (D) سترھویں ترمیم میں

46- سکولوں میں چھٹی سے آٹھویں جماعت تک عربی کی تعلیم لازمی قرار دی گئی:

(A) 1956ء کے آئین میں (B) 1962ء کے آئین میں (C) 1973ء کے آئین میں (D) 1981ء کے عبوری آئین میں

47- اسلامی نظریاتی کونسل کا قیام عمل میں آیا:

(A) 1956ء کے آئین میں (B) 1962ء کے آئین میں (C) 1973ء کے آئین میں (D) 1981ء کے عبوری آئین میں

## مشقی مختصر جوابی سوالات (ٹیکسٹ بک)

**i- 1973ء کے آئین کے مطابق مسلمان کی تعریف بیان کریں۔**

**جواب:** 1973ء کے آئین میں پہلی مرتبہ مسلمان کی تعریف شامل کی گئی جس کی رو سے مسلمان وہ ہے جو توحید، رسالت، قیامت اور اللہ تعالیٰ کی کتابوں پر ایمان لانے کے علاوہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آخری نبی مانتا ہو۔

**ii- اللہ تعالیٰ کی "حاکمیت" سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** اللہ تعالیٰ کی حاکمیت سے مراد ہے کہ تمام کائنات کا مالک اللہ تعالیٰ ہے اور عوامی نمائندے اختیارات کو اللہ تعالیٰ کی امانت سمجھتے ہوئے استعمال کریں گے۔

**iii- عدالتی نظر ثانی سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** اگر سپریم کورٹ کے نوٹس میں یہ بات لائی جائے کہ مجلس قانون ساز کا منظور کردہ قانون آئین کے خلاف ہے تو وہ اس قانون کا جائزہ لیتی ہے۔ اگر اس قانون کو ملکی آئین کے خلاف پائے تو اسے کالعدم قرار دے سکتی ہے۔ اس عمل کو عدالتی نظر ثانی (Judicial Review) کہتے ہیں۔

**iv- 1962ء کے آئین کی منسوخی کی وجہ بتائیں۔**

**جواب:** صدر جنرل محمد ایوب خاں نے قریباً 10 سال حکومت کی۔ ان کے دور میں کئی اصلاحات نافذ ہوئیں اور ملک نے صنعتی میدان میں کافی ترقی کی۔

www.ilmkidunya.com

جنرل محمد ایوب خاں کی آمرانہ حکومت کے خلاف عوام نے زبردست تحریک چلائی اور حالات حکومت کے کنٹرول سے باہر ہونے لگے۔ آئین کی رُو سے تمام اختیارات صدر پاکستان کے پاس تھے۔ ان حالات کے پیشِ نظر ایک دفعہ پھر ملک میں مارشل لا نافذ کر دیا گیا۔ 25 مارچ 1969ء کو جنرل آغا محمد یحییٰ خاں نے حکومت سنبھال لی اور 1962ء کے آئین کو منسوخ کر دیا۔

**v- 1956ء کا آئین کب اور کس نے منسوخ کیا؟**

**جواب:** 1956ء کا آئین جنرل محمد ایوب خاں نے اکتوبر 1958ء میں منسوخ کیا۔

**vi- 1973ء کے آئین کے تحت گورنر کی حیثیت بتائیں۔**

**جواب:** گورنر صوبائی حکومت کا سربراہ ہوتا ہے جس کو صدر نامزد کرتا ہے۔ جب تک صدر چاہے گورنر اپنے عہدے پر برقرار رہ سکتا ہے۔ گورنر صوبائی اسمبلی کا اجلاس طلب کرتا ہے اس سے خطاب کرتا ہے اور وزیراعلیٰ کے مشورے پر اسمبلی توڑ سکتا ہے۔ گورنر، وزیراعلیٰ کے مشورے پر تمام نظم و نسق چلاتا ہے۔ حالات کے فوری تقاضے کے پیشِ نظر آرڈی نینس جاری کر سکتا ہے۔

**vii- محمد خاں جونیجو کی حکومت کو کب اور کس نے برطرف کیا؟**

**جواب:** محمد خاں جونیجو کی حکومت کو 29 مئی 1988ء کو صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق نے برطرف کیا۔

**viii- اسلامی نظریاتی کونسل کے فرائض بیان کریں۔**

**جواب:** اسلامی نظریاتی کونسل قوانین کو اسلامی تعلیمات کے مطابق بنانے کے لیے قانون ساز اداروں کی راہ نمائی کرتی ہے اور موجودہ قوانین کو بھی اسلام کے مطابق ڈھالتی ہے۔

## اضافی مختصر جوابی سوالات

**1- قیام پاکستان کے بعد آئین سازی کا کام کس کو سونپا گیا؟**

**جواب:** پاکستان کی پہلی آئین ساز اسمبلی کو اپنے ملک کے لیے آئین بنانے اور پارلیمنٹ کی حیثیت سے کام کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی یہ بھی واضح کر دیا گیا کہ آئین کی تیاری تک گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ 1935ء پر عمل کیا جائے گا۔

**2- ون یونٹ سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** دستور سازی کے راستے میں حائل رکاوٹوں میں سے ایک بڑی رکاوٹ یہ بھی تھی کہ ملک کا مغربی حصہ چار صوبوں اور پاکستان کے ساتھ الحاق کرنے والی ریاستوں جبکہ مشرقی حصہ ایک صوبے پر مشتمل تھا اس رکاوٹ کو دور کرنے کے لیے مغربی پاکستان کے چاروں صوبوں کو ملا کر ایک صوبہ بنا دیا گیا اسے ''ون یونٹ'' کا نام دیا گیا۔ ون یونٹ کے قیام سے دستور سازی کا کام کافی حد تک آسان ہو گیا۔

**3- 1956ء کا آئین کب بنا اور کتنی دیر نافذ رہا؟**

**جواب:** وطن عزیز میں نو منتخب وزیراعظم چودھری محمد علی نے دستور سازی کی طرف پوری توجہ دی اور اسے مکمل کیا۔ دستور ساز اسمبلی نے 1956ء کے نئے آئین کی منظوری دی۔ یہ آئین اڑھائی سال تک ملک میں نافذ رہا۔

**4- پاکستان کا دوسرا آئین کب نافذ ہوا؟**

**جواب:** جنرل محمد ایوب خاں کی کوششوں سے 1962ء میں پاکستان کا دوسرا آئین نافذ کیا گیا۔ اس کے تحت جنرل ایوب خاں ملک کے صدر منتخب ہوئے۔ وہ 1958ء سے 1969ء تک اقتدار میں رہے۔ 1969ء میں حالات زیادہ خراب ہو گئے۔ صدر ایوب خان نے مستعفی ہو کر اقتدار آرمی کے کمانڈر انچیف جنرل محمد یحییٰ خاں کو سونپ دیا۔

**5- بنگلہ دیش کے قیام/مشرقی پاکستان کی علیحدگی پر نوٹ لکھیں۔**

**جواب:** دسمبر 1970ء میں ملک میں عام انتخابات منعقد ہوئے۔ مشرقی پاکستان میں عوامی لیگ اور مغربی پاکستان میں پاکستان پیپلز پارٹی اکثریتی جماعت کے طور پر سامنے آئیں جبکہ مجموعی طور پر عوامی لیگ اکثریتی جماعت بن کر سامنے آئی لیکن اسے اقتدار نہ سونپا گیا جس سے مشرقی پاکستان میں ہنگامے پھوٹ پڑے جو فوج کے ذریعے بھی قابو میں نہ آ سکے یوں 16 دسمبر 1971ء کو مشرقی پاکستان، پاکستان سے علیحدہ ہو کر بنگلہ دیش کے نام سے ایک نیا ملک بنا۔

www.ilmkidunya.com

6- 1973ء کا آئین کب نافذ کیا گیا؟

جواب: مغربی پاکستان میں جنرل یحییٰ خاں نے 20 دسمبر 1971ء کو اقتدار پاکستان پیپلز پارٹی کے سپرد کر دیا اس حکومت نے 14 اگست 1973ء کو پاکستان کا تیسرا آئین نافذ کیا۔

7- جنرل محمد ضیاء الحق کے دورِ حکومت پر نوٹ لکھیں۔

جواب: 1977ء میں ملک میں عام انتخابات منعقد ہوئے جن میں پیپلز پارٹی کو کامیابی ملی۔ حزب اختلاف کی سیاسی جماعتوں نے دھاندلی کے الزامات لگائے اور تحریک چلانے کا اعلان کیا۔ تھوڑے ہی عرصے میں ملک گیر ہنگاموں کا سلسلہ شروع ہو گیا ان حالات میں بری فوج کے سربراہ جنرل محمد ضیاء الحق نے 5 جولائی 1977ء کو ملک میں مارشل لاء نافذ کر دیا اسمبلیاں توڑ دیں اور 1973ء کے آئین کو معطل کر دیا گیا۔

8- وزیر اعظم محمد خاں جونیجو کی حکومت کا آغاز اور برطرفی کے بارے میں لکھیں؟

جواب: محمد خان جونیجو 23 مارچ 1985ء کو ملک کے وزیر اعظم منتخب ہوئے۔ 30 دسمبر 1985ء کو ملک سے مارشل لاء اٹھا لیا گیا۔ صرف تین سال اور دو ماہ بعد 29 مئی 1988ء کو صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق نے جونیجو حکومت کو برطرف کر دیا اور اسمبلیاں تحلیل کر دیں۔

9- محترمہ بینظیر بھٹو کی حکومت پر نوٹ لکھیں۔

جواب: 17 اگست 1988ء کو صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق ایک فضائی حادثے میں جاں بحق ہو گئے اور سینٹ کے چیئرمین غلام محمد اسحٰق خاں صدر بنے۔ نومبر 1988ء میں انتخابات ہوئے جن میں پاکستان پیپلز پارٹی نے اکثریت حاصل کی اور محترمہ بے نظیر بھٹو نے وزارت عظمیٰ کا عہدہ سنبھالا۔ اگست 1990ء کو صدر غلام اسحٰق خاں نے بے نظیر بھٹو کی حکومت برطرف کر دی اور اکتوبر 1990ء میں انتخابات کا اعلان کیا۔

10- میاں محمد نواز شریف کے پہلے دورِ حکومت پر نوٹ لکھیں۔

جواب: 1990ء کے انتخابات میں اسلامی جمہوری اتحاد کو کامیابی ملی اور محمد نواز شریف ملک کے وزیر اعظم منتخب ہوئے مگر یہ حکومت بھی اپنی مدت پوری نہ کر سکی اور 1993ء میں صدر غلام اسحٰق خان نے نواز حکومت کو برطرف کر دیا۔ نواز شریف نے اپنے پہلے دورِ حکومت میں موٹر وے کا سنگِ بنیاد رکھا اور صوبوں کے مابین پانی کی تقسیم کا مسئلہ حل کر دیا۔

11- جنرل پرویز مشرف کے دورِ اقتدار پر دو سطریں تحریر کریں۔

جواب: 12 اکتوبر 1999ء کو بری فوج کے سربراہ جنرل پرویز مشرف نے محمد نواز شریف کی حکومت کو ختم کر کے اقتدار سنبھالا۔ آئین کو معطل کر دیا اور ایک عبوری آئین (PCO) کا اعلان کیا۔ ملک میں نئے عام انتخابات کروائے گئے جن کے نتیجے میں میر ظفر اللہ خان جمالی ملک کے وزیر اعظم منتخب ہوئے۔

12- موجودہ حکومت کے بارے میں دو سطریں تحریر کریں۔

جواب: جولائی 2018ء میں ملک میں عام انتخابات منعقد ہوئے جن میں پاکستان تحریک انصاف اکثریتی پارٹی بن کر ابھری اور عمران خان ملک کے وزیر اعظم بنے۔ اپریل 2022ء میں وزیر اعظم عمران خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد کامیاب ہوئی اور ملک میں میاں محمد شہباز شریف نئے وزیر اعظم منتخب ہوئے۔ وطن عزیز میں جمہوریت کا سفر جاری ہے۔

13- جمہوری نظام کی کامیابی کے لیے سیاسی جماعتوں کا کردار بیان کریں۔

جواب: سیاسی جماعتیں جمہوریت کی کامیابی کے لیے ضروری ہیں یہ رائے عامہ تشکیل دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ سیاسی جماعتیں اپنے پلیٹ فارم، میڈیا اور پریس کے ذریعے عوام کو اہم قومی مسائل سے آگاہ کرتی ہیں اور اپنے انتخابی منشور اور ترقیاتی پروگرام کا اعلان کرتی ہیں۔ اس طرح عوام کو مختلف معاملات اور امور کے بارے میں اپنی رائے کو تشکیل دینے میں بڑی مدد ملتی ہے۔

14- سیاسی جماعتوں کی ضرورت و اہمیت بیان کریں۔

جواب: جمہوری نظام کو کامیابی کے ساتھ چلانے کے لیے سیاسی جماعتوں کا وجود ناگزیر ہے کیونکہ سیاسی جماعتیں جمہوریت کی جان اور روح ہوتی ہیں وہ انتخابات کے لیے اپنے امیدوار نامزد کرتی ہیں سیاسی جماعتوں کے بغیر جمہوریت غیر فعال ہے جمہوری نظام کو انتشار اور فرقہ واریت سے محفوظ رکھنے کے لیے سیاسی جماعتیں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں سیاسی جماعتیں عوام میں سیاسی سوجھ بوجھ پیدا کرتی ہیں۔

www.ilmkidunya.com

-15 سیاسی جماعتوں کی اہمیت کے بارے میں لاول (Lowell) نے کیا کہا ہے؟

**جواب:** سیاسی جماعتوں کے بارے میں لاول (Lowell) لکھتا ہے:

''سیاسی جماعتوں کا لازمی فرض اور ان کے وجود کا مقصد یہی ہے کہ وہ رائے عامہ کو منظم کریں اور عوام کے فیصلے کے لیے مسائل کا حل پیش کریں''۔

**-16 1956ء کے آئین کی دو اہم خصوصیات تحریر کریں۔**

**جواب:** 1956ء کے آئین کی اہم خصوصیات درج ذیل ہیں:

(1) 1956ء کے آئین کو تحریری شکل میں تیار کیا گیا تھا، پاکستان کو اسلامی جمہوریہ قرار دیا گیا ملک میں وفاقی پارلیمانی نظام حکومت قائم کیا گیا، صدر مملکت کا مسلمان ہونا لازمی قرار دیا گیا۔

(2) آئین میں اللہ تعالیٰ کی حاکمیت، اختیارات کا عوامی نمائندوں کے ذریعے استعمال، قرآن وسنت کے مطابق زندگی گزارنے کا ماحول اور اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی دینے کا اعلان کیا گیا۔

**-17 1956ء کے آئین کے نفاذ اور منسوخی پر نوٹ لکھیں۔**

**جواب:** قیام پاکستان کے بعد بڑی کوششوں کے بعد 1956ء میں پاکستان کا پہلا آئین تیار ہوا جو 23 مارچ 1956ء کو نافذ ہوا۔ یہ آئین دو سال اور 7 ماہ تک نافذ رہا۔ سیاست دانوں کی باہمی چپقلش، جمہوری اداروں میں فوج اور بیوروکریسی کی بے جا مداخلت اور اعلیٰ قیادت کے فقدان نے آئین کو زیادہ دیر نہ چلنے دیا۔ 1958ء میں جنرل ایوب خاں نے 1956ء کا آئین منسوخ کر دیا۔

**-18 1962ء کے آئین کو کب نافذ اور کب منسوخ کیا گیا؟**

**جواب:** جنرل محمد ایوب خاں نے ملک میں نیا آئین بنانے کے لیے دستوری کمیشن قائم کیا، جس کی سفارشات کے مطابق پاکستان کے لیے نیا آئین تیار کیا گیا۔ جسے 8 جون 1962ء کو نافذ کیا گیا۔ صدر جنرل محمد ایوب خاں نے قریباً دس سال حکومت کی اس دوران ملک نے صنعتی میدان میں کافی ترقی کی لیکن بالآخر عوام نے آمرانہ حکومت کے خلاف زبردست تحریک چلائی۔ 25 مارچ 1969ء کو حکومت جنرل یحییٰ نے سنبھال لی اور 1962ء کے آئین کو منسوخ کر دیا۔

**-19 1962ء کے آئین کی دو نمایاں خصوصیات تحریر کریں۔**

**جواب:** 1962ء کے آئین کی نمایاں خصوصیات درج ذیل ہیں:

1- 1962ء کا آئین تحریری تھا جو کہ 250 دفعات اور 5 گوشواروں پر مشتمل تھا۔

2- 1962ء کے دستور کے تحت ملک میں صدارتی طرز حکومت کو رائج کیا گیا۔ صدر کا انتخاب ایک انتخابی ادارہ (Electoral college) پانچ سال کے لیے کرے گا۔

**-20 مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے دو اسباب تحریر کیجیے۔**

**جواب:** مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے اسباب درج ذیل ہیں:-

**1- نااہل ملکی قیادت:** قائداعظمؒ کی وفات کے بعد ملک میں کوئی ایسا راہنما نہ تھا جس پر تمام پاکستانیوں کا اتفاق رائے ہوتا۔ قیادت کے فقدان نے مشرقی پاکستان کے لوگوں میں احساس محرومی کو ہوا دی جس سے علیحدگی پسند رجحانات کو تقویت ملی۔

**2- ہندوؤں کے اثرات:** مشرقی پاکستان میں تجارت اور سرکاری ملازمتوں پر کافی تعداد میں ہندو چھائے ہوئے تھے وہ ایک خاص منصوبے کے تحت لوگوں کے اندر علیحدگی کے جذبات کو ابھار رہے تھے خصوصاً تعلیم کا شعبہ پوری طرح ہندوؤں کے کنٹرول میں تھا انھوں نے بنگالیوں کو پاکستان کے خلاف پوری طرح تیار کیا اور ان کے جذبات کو ابھارا۔

**-21 1973ء کے آئین کا نفاذ کب عمل میں آیا؟**

**جواب:** ذوالفقار علی بھٹو نے مستقبل کا آئین بنانے کے لیے قومی اسمبلی کے 25 ارکان پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی۔ کمیٹی نے 31 دسمبر 1972ء کو اپنی سفارشات پیش کیں۔ قومی اسمبلی نے ان سفارشات کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد 10 اپریل 1973ء کو منظور کر لیا۔ پاکستان کا پہلا متفقہ آئین جسے تمام سیاسی جماعتوں کی حمایت وتائید حاصل تھی 14 اگست 1973ء کو نافذ کیا گیا جو اب تک مختلف ترامیم اور تبدیلیوں کے ساتھ ملک میں رائج ہے۔

www.ilmkidunya.com

# انتظامی نظام

## مشقی کثیر الانتخابی سوالات (ٹیکسٹ بک)

-i وفاق جس کے نام سے اپنے فرائض سرانجام دیتا ہے:

(الف) گورنر (ب) صدر (ج) لارڈ میئر (د) میئر

-ii صوبائی فرائض کی انجام دہی کے لیے جو ادارہ قانون سازی کرتا ہے:

(الف) قومی اسمبلی (ب) سینٹ (ج) صوبائی اسمبلی (د) مقامی حکومتیں

-iii کشمیر کونسل کے ارکان کی تعداد ہے:

(الف) 12 (ب) 14 (ج) 16 (د) 18

-iv گلگت بلتستان کونسل کے ارکان کی تعداد ہے:

(الف) 12 (ب) 14 (ج) 16 (د) 18

-v آزاد جموں و کشمیر کی سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد ہے:

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

-vi پاکستان کی قومی سلامتی کونسل کی صدارت کرتا ہے:

(الف) صدر (ب) وزیراعظم (ج) چیف آف آرمی سٹاف (د) چیف آف ایئر سٹاف

-vii 1973ء کے آئین کی جس شق کے تحت مقامی حکومتوں کو تحفظ دیا گیا ہے:

(الف) 140-A (ب) 140-B (ج) 140-C (د) 140-D

-viii پاکستان میں مقامی حکومتوں کے نظام میں تبدیلی لائی گئی:

(الف) 2001ء میں (ب) 2003ء میں (ج) 2005ء میں (د) 2007ء میں

-ix مقامی حکومتوں کے دیہی علاقوں کے نظام کے درجے ہیں:

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

-x میٹروپولیٹن کارپوریشن کا سربراہ ہوتا ہے:

(الف) چیئرمین (ب) چیئرپرسن (ج) لارڈ میئر (د) میئر

## اضافی کثیر الانتخابی سوالات

-1 وفاق اپنے تمام فرائض.............. کے نام سے استعمال کرتا ہے۔

(A) وزیراعظم (B) چیف جسٹس (C) صدر پاکستان (D) وزیراعلیٰ

-2 وفاق کے تمام فرائض کس کے ذریعے سرانجام پاتے ہیں:

(A) صدر اور پارلیمنٹ (B) چیف جسٹس (C) صوبے کے گورنر (D) وزیراعظم اور کابینہ

www.ilmkidunya.com

3- وفاق کے تمام فرائض سرانجام دینے کے لیے قوانین بناتی ہے:
(A) قومی اسمبلی (B) عدلیہ (C) صوبائی اسمبلی (D) مجلس شوریٰ

4- ملکی معیشت کو بحال رکھتا ہے اور ٹیکس لگاتا ہے:
(A) وفاق (B) صدر (C) وزیراعظم (D) پارلیمنٹ

5- ملک کے لیے فوج رکھتا ہے اور ضرورت کے وقت جنگ کا اعلان کرتا ہے:
(A) صدر (B) وزیراعظم (C) پارلیمنٹ (D) وفاق

6- صوبے اپنے تمام فرائض.................. کے نام سے استعمال کرتے ہیں۔
(A) صدر (B) وزیراعظم (C) گورنر (D) وزیراعلیٰ

7- صوبے اپنے تمام اختیارات.................. کے ذریعے استعمال کرتے ہیں۔
(A) وزیراعلیٰ اور کابینہ (B) صدر اور پارلیمنٹ (C) قومی اسمبلی (D) عدلیہ اور ماتحت ادارے

8- صوبائی سطح پر قوانین بناتی ہیں:
(A) صوبائی عدالتیں (B) صوبائی اسمبلیاں (C) صوبائی محکمہ جات (D) صوبائی حکومتیں

9- صوبائی سطح پر امن و امان کے ذمہ دار ہوتے ہیں:
(A) صوبے (B) وفاق (C) محکمہ تعلیم (D) محکمہ صحت

10- وفاقی حکومت کا دائرہ کار ہوتا ہے:
(A) صوبے تک (B) ڈویژن تک (C) پورے ملک تک (D) صوبائی حکومت تک

11- وفاق کا سربراہ ہوتا ہے:
(A) گورنر (B) چیف جسٹس (C) وزیراعظم (D) منتخب صدر

12- صوبے کا سربراہ ہوتا ہے:
(A) گورنر (B) چیف جسٹس (C) وزیراعظم (D) صدر

13- وزیراعظم کا انتخاب کرتی ہے:
(A) سینٹ (B) صوبائی اسمبلی (C) عدلیہ (D) قومی اسمبلی

14- وزیراعلیٰ کا انتخاب کرتی ہے:
(A) عدلیہ (B) قومی اسمبلی (C) صوبائی اسمبلی (D) عدلیہ

15- وزیراعظم جواب دہ ہوتا ہے:
(A) عدلیہ کے سامنے (B) صدر کے سامنے (C) قومی اسمبلی کے سامنے (D) سینٹ کے سامنے

16- کشمیر کونسل کے ارکان کی تعداد ہے:
(A) 13 (B) 14 (C) 15 (D) 16

17- کشمیر کونسل کا چیئرمین ہوتا ہے:
(A) صدر پاکستان (B) وزیراعظم پاکستان (C) صدر آزاد کشمیر (D) وزیراعظم آزاد کشمیر

18- آزاد جموں و کشمیر کا سب سے اعلیٰ ادارہ ہے:
(B) قانون ساز اسمبلی (C) کشمیر کونسل (D) سپریم کورٹ

www.ilmkidunya.com

## مشقی مختصر جوابی سوالات (ٹیکسٹ بک)

i- **کشمیر کونسل کے ممبران کی تعداد بتائیں۔**

جواب: کشمیر کونسل کے ممبران کی تعداد 14 ہے جس میں سے 8 ممبران آزاد جموں و کشمیر سے ہوتے ہیں اور 6 ممبران حکومت پاکستان کے نمائندے ہوتے ہیں۔

ii- **گلگت بلتستان کونسل کا چیئرمین کون ہوتا ہے؟**

جواب: گلگت بلتستان کونسل کا چیئرمین وزیراعظم پاکستان ہوتا ہے۔

iii- **کون سے آرٹیکل کے تحت صوبائی حکومتیں انتظامی اختیار استعمال کرتی ہیں؟ تجزیہ کریں۔**

جواب: 1973ء کے آئین کے آرٹیکل 140-A کے تحت صوبائی حکومتوں پر لازم قرار پایا کہ وہ مقامی حکومتیں قائم کریں اور ان کو مالیاتی اور انتظامی اختیارات دیں۔ 2013ء میں تمام صوبوں نے مقامی حکومتوں کے قیام کے لیے ایکٹ پاس کیے جن کے مطابق دیہی علاقوں میں دو درجاتی نظام جب کہ خیبر پختونخوا میں تین درجاتی نظام قائم کیا گیا جس میں ضلعی اور تحصیل یونین کونسل کی حکومتیں شامل ہیں جب کہ شہری علاقے میں تین درجاتی نظام بنایا گیا جس میں میٹروپولیٹن کارپوریشن، میونسپل کارپوریشن اور میونسپل کمیٹیاں شامل ہیں۔

iv- **مقامی حکومتیں کب قائم کی گئیں؟**

جواب: اگست 2001ء میں صدارتی حکم کے تحت مقامی حکومتیں قائم کی گئیں۔ سیاسی، انتظامی اور معاشی اختیارات مقامی حکومتوں کو منتقل کیے گئے تاکہ عام شہری کو ضروری خدمات کے ضمن میں بااختیار بنایا جائے۔

v- **مقامی حکومتوں کے مختلف درجات بتائیں۔**

جواب: مقامی حکومتیں دیہی اور شہری علاقوں پر مشتمل ہیں، دیہی علاقے دو درجاتی نظام یعنی یونین کونسل / ولیج ہیڈ، ضلع کونسل/تحصیل اور چیف آفیسر پر مشتمل ہوتی ہے جب کہ شہری علاقے میونسپل یا ٹاؤن کمیٹی اور چیف آفیسر، میونسپل کارپوریشن اور چیف آفیسر، میٹروپولیٹن کارپوریشن اور چیف آفیسر پر مشتمل ہوتی ہے۔

vi- **چیف آفیسر کیا فرائض سرانجام دیتا ہے؟**

جواب: چیف آفیسر ایک سرکاری ملازم ہوتا ہے جو تمام محکموں کی نگرانی کرتا ہے اور ان کے درمیان رابطہ قائم کرتا ہے۔ اس کے ساتھ وہ یہ ترقیاتی کاموں کی بھی نگرانی کرتا ہے۔

vii- **آزاد جموں و کشمیر کے صدر کی حیثیت بتائیں۔**

جواب: آزاد جموں و کشمیر کا صدر ایک آئینی سربراہ ہوتا ہے جس کا انتخاب کشمیر قانون ساز اسمبلی پانچ سال کے لیے کرتی ہے۔

viii- **سپریم اپیلٹ کورٹ کہاں قائم کی گئی ہے؟**

جواب: سپریم اپیلٹ کورٹ گلگت بلتستان میں قائم کی گئی ہے جو ایک چیف جج اور دو ججوں پر مشتمل ہے جن کا تقرر وزیراعظم پاکستان تین سال کے لیے کرتا ہے۔ اس کا درجہ سپریم کورٹ کے برابر ہے اور چیف کورٹ کے فیصلوں کے خلاف اپیلوں کا فیصلہ کرتی ہے۔

## اضافی مختصر جوابی سوالات

1- **وفاق کے اہم فرائض بیان کیجیے۔**

جواب: 1- وفاق اندرونی امن و امان کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

2- اندرونی و بیرونی تجارت کو منظم کرتا ہے۔

3- وفاق ملک کے دفاع کے لیے فوج رکھتا ہے۔

2- **وفاق اپنے فرائض کس کے نام سے استعمال کرتا ہے؟**

جواب: وفاق اپنے تمام فرائض صدر پاکستان کے نام سے استعمال کرتا ہے اور وہی تمام فرائض طے کرتا ہے۔

www.ilmkidunya.com

www.ilmkidunya.com

3- **وفاق کے تمام فرائض کس کے ذریعے طے پاتے ہیں؟**

**جواب:** وفاق کے تمام فرائض وزیراعظم اور اس کی کابینہ کے ذریعے سرانجام پاتے ہیں۔

4- **وفاق کے تمام فرائض کی انجام دہی کے لیے قوانین کون بناتا ہے؟**

**جواب:** وفاق کے تمام فرائض کی انجام دہی کے لیے مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ) قوانین بناتی ہے۔

5- **صوبے اپنے فرائض کس کے نام سے استعمال کرتے ہیں؟**

**جواب:** صوبے اپنے تمام فرائض گورنر کے نام سے استعمال کرتے ہیں اور وہی صوبے کے تمام امور طے کرتا ہے۔

6- **صوبے اپنے اختیارات کس کے ذریعے استعمال کرتے ہیں؟**

**جواب:** صوبے اپنے تمام اختیارات وزیراعلیٰ اور اس کی کابینہ کے ذریعے استعمال کرتے ہیں۔

7- **صوبائی فرائض کی انجام دہی کے لیے قوانین کون بناتا ہے؟**

**جواب:** صوبائی فرائض کی انجام دہی کے لیے متعلقہ صوبائی اسمبلیاں قوانین بناتی ہیں۔

8- **صوبوں کے فرائض بیان کریں۔**

**جواب:** 1- اندرونی امن وامان کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ 2- صوبے صوبائی خزانہ کو چلانے کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔

3- صوبے وفاق کے ساتھ تعاون کرنے کے فرائض سرانجام دیتے ہیں۔

9- **وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے فرائض میں دو فرق بیان کیجیے۔**

**جواب:** وفاقی حکومت کا دائرہ کار پورے ملک پر محیط ہوتا ہے جبکہ صوبائی حکومتوں کا اختیار متعلقہ صوبے تک محدود ہوتا ہے۔ وفاق کا سربراہ منتخب صدر ہوتا ہے جبکہ صوبے کا سربراہ گورنر ہوتا ہے جو صدر کا نامزد کردہ ہوتا ہے۔

10- **وفاقی اور صوبائی سطح پر قانون سازی کون کرتا ہے؟**

**جواب:** وفاقی سطح پر قوانین مجلس شوریٰ بناتی ہے جبکہ صوبائی سطح پر یہی کام صوبائی اسمبلیاں کرتی ہیں۔

11- **صدر پاکستان کی حیثیت کیا ہے؟**

**جواب:** پاکستان کا صدر وفاق کا سربراہ ہوتا ہے۔ پارلیمانی نظام میں یہ غیر انتظامی عہدہ ہوتا ہے کیونکہ صدر وزیراعظم کے مشورے پر عمل کرنے کا پابند ہوتا ہے۔

12- **آزاد جموں وکشمیر کا انتظامی ڈھانچہ کیا ہے؟**

**جواب:** آزاد جموں وکشمیر کا اپنا منتخب صدر، وزیراعظم، قانون ساز اسمبلی اور سپریم کورٹ ہے جو ریاست کا نظام چلاتے ہیں۔

13- **کشمیر کونسل پر نوٹ لکھیں۔**

**جواب:** کشمیر کونسل ریاست کا سب سے اعلیٰ ادارہ ہے جس کے ارکان 14 ہوتے ہیں جن میں 8 ارکان جموں وکشمیر سے اور 6 ارکان حکومت پاکستان کے نمائندے ہوتے ہیں۔ اس کا چیئرمین وزیراعظم پاکستان ہوتا ہے کونسل کو آزاد جموں وکشمیر کے اعلیٰ انتظامی اختیارات حاصل ہوتے ہیں۔

14- **آزاد جموں وکشمیر کے صدر کی کیا حیثیت ہے؟**

**جواب:** صدر آزاد جموں وکشمیر کا آئینی سربراہ ہوتا ہے جس کا انتخاب قانون ساز اسمبلی پانچ سال کے لیے کرتی ہے۔

15- **ریاست جموں وکشمیر کے وزیراعظم کی کیا حیثیت ہوتی ہے؟**

**جواب:** وزیراعظم ریاست کا انتظامی سربراہ ہوتا ہے وزراء کی کونسل وزیراعظم کی نگرانی میں کام کرتی ہے اور اسی کے سامنے جوابدہ ہوتی ہے۔ وزیراعظم ریاست کے تمام انتظامی امور کا ذمہ دار ہوتا ہے اور اسمبلی کے اعتماد تک اپنا عہدہ برقرار رکھ سکتا ہے۔

16- **جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کا تعارف پیش کریں۔**

**جواب:** آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی ایک ایوان پر مشتمل ہے جو مظفرآباد میں واقع ہے، اس ایوان کے 53 ارکان ہیں جن میں سے 45 ارکان آزاد کشمیر سے منتخب کیے جاتے ہیں۔ اسمبلی پانچ سال کے لیے منتخب کی جاتی ہے۔

39- **ضلع کونسل کے چیف آفیسر کی کیا حیثیت ہے؟**

**جواب:** چیف آفیسر ضلع کونسل کے سیکرٹری کے طور پر کام کرتا ہے یہ سینئر سرکاری ملازم ہوتا ہے ضلع کے تمام محکموں کی نگرانی کرتا ہے اور ضلع کے تمام ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی بھی اس کے ذمے ہوتی ہے۔

40- **میونسپل یا ٹاؤن کمیٹی کا ڈھانچہ تحریر کریں۔**

**جواب:** میونسپل یا ٹاؤن میں واقع تمام حلقوں سے براہ راست منتخب کردہ ارکان بلحاظ عہدہ کمیٹی کے ممبر ہوتے ہیں ان کے علاوہ 5 خواتین، 3 غیر مسلم، 2 لیبرورکر اور ایک نوجوان شامل ہوتا ہے۔ کمیٹی کے پہلے اجلاس میں چیئرمین اور وائس چیئرمین کا انتخاب ہوتا ہے۔

41- **میونسپل کارپوریشن کا ڈھانچہ تحریر کریں۔**

**جواب:** میونسپل کارپوریشن میں واقع تمام میونسپل یا ٹاؤن کے براہ راست منتخب کردہ چیئرمین کارپوریشن کے ممبر ہوتے ہیں۔ ان کے علاوہ 5 خواتین، 5 غیر مسلم، 2 ورکرز، 2 ٹیکنوکریٹ اور ایک نوجوان ممبر شامل ہوتے ہیں۔ کارپوریشن اپنے پہلے اجلاس میں میئر اور ڈپٹی میئر کا انتخاب کرتی ہے۔

42- **میٹروپولیٹن کارپوریشن کا ڈھانچہ تحریر کریں۔**

**جواب:** میٹروپولیٹن کارپوریشن میں واقع تمام ٹاؤن کمیٹیوں کے براہ راست منتخب کردہ چیئرمین بلحاظ عہدہ کارپوریشن کے ممبر ہوتے ہیں۔ میٹروپولیٹن کے پہلے اجلاس میں لارڈ میئر اور ڈپٹی میئر کا انتخاب کیا جاتا ہے۔

43- **یونین کونسل/ میٹرہیڈ کونسل کے فرائض بیان کریں۔**

**جواب:** 1- کونسل کا بجٹ منظور کرنا اور ٹیکس کی منظوری دینا۔

2- عوامی راستوں اور گلیوں میں روشنی کا بندوبست کرنا۔

3- پنچائیت کے ممبر مقرر کرنا اور ان کی نگرانی کرنا۔

44- **ضلع کونسل اور تحصیل کونسل کے فرائض بیان کریں۔**

**جواب:** 1- بائی لاز اور ٹیکسوں کی منظوری دینا۔

2- شہریوں میں فلاحی کاموں کا جذبہ پیدا کرنا۔

3- ضلع یا تحصیل کے افسران کی کارکردگی کا جائزہ لینا۔

45- **میونسپل یا ٹاؤن کمیٹی کے فرائض لکھیں۔**

**جواب:** 1- منصوبے بنانا ان کی منظوری دینا۔

2- مقامی زمینوں کی تقسیم اور ان کے استعمال کا بندوبست کرنا۔

3- پارک بنانا کھیلوں کے میدان اور قبرستانوں کے لیے جگہ مخصوص کرنا۔

46- **میٹروپولیٹن/ میونسپل کارپوریشن کے فرائض بیان کریں۔**

**جواب:** 1- زمین کے منصوبے، ماحولیات کے منصوبے اور شہری منصوبوں کی منظوری دینا۔

2- قوانین اور بائی لاز کی منظوری دینا اور ان کو لاگو کرانا۔

3- رہائشی کالونیاں، مارکیٹیں، سڑکیں اور عوامی مفاد کے منصوبے بنانا۔

www.ilmkidunya.com

# انسانی حقوق

## مشقی کثیر الانتخابی سوالات (ٹیکسٹ بک)

i- حضور نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے خطبہ حجۃ الوداع دیا:

(الف) 9 ہجری میں (ب) 10 ہجری میں (ج) 11 ہجری میں (د) 12 ہجری میں

ii- برطانیہ میں میگنا کارٹا دستاویز پر بادشاہ نے دستخط کیے:

(الف) 1015ء میں (ب) 1115ء میں (ج) 1215ء میں (د) 1315ء میں

iii- ''دین میں کوئی زبردستی نہیں ہے'' قرآن مجید کی جس سورۃ میں ہے:

(الف) سورۃ البقرۃ (ب) سورۃ آل عمران (ج) سورۃ النساء (د) سورۃ المائدہ

iv- شہریوں کو جائیداد بنانے اور نجی جائیداد رکھنے کا حق جس زمرے میں آتا ہے:

(الف) معاشرتی (ب) معاشی (ج) مذہبی (د) ثقافتی

v- ''اور جو اللہ کے نازل کردہ حکم کے مطابق فیصلہ نہ کرے تو وہی لوگ کافر ہیں'' جس سورۃ میں ہے:

(الف) سورۃ البقرۃ (ب) سورۃ الفاتحہ (ج) سورۃ النساء (د) سورۃ المائدہ

vi- سیاسی حقوق کے زمرے میں آتا ہے:

(الف) ووٹ کا حق (ب) مذہبی آزادی (ج) پیشہ اختیار کرنا (د) تعلیم حاصل کرنا

vii- ہر سال جس تاریخ کو اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے عالمی منشور کی سالگرہ منائی جاتی ہے:

(الف) یکم دسمبر (ب) 5 دسمبر (ج) 8 دسمبر (د) 10 دسمبر

viii- گرفتاری کی صورت میں شہری کو مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا جاتا ہے:

(الف) 20 گھنٹے میں (ب) 22 گھنٹے میں (ج) 24 گھنٹے میں (د) 26 گھنٹے میں

ix- اقوام متحدہ میں انسانی حقوق کا عالمی منشور منظور کیا گیا:

(الف) 1946ء (ب) 1947ء (ج) 1948ء (د) 1949ء

x- ''ماؤں نے انھیں آزاد جنا اور تم نے انھیں غلام کیسے بنا لیا؟'' قول ہے:

(الف) حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا (ب) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا (ج) حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا (د) حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا

## اضافی کثیر الانتخابی سوالات

1- وہ مطالبات جو شہری اپنی بھلائی کے لیے حکومت سے یا آپس میں کرتے ہیں اور حکومت یا معاشرہ انھیں تسلیم کرتا ہے:

(A) حقوق (B) قانون (C) آئین (D) فرائض

2- حقوق کی اقسام ہیں:

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

-3 حقوق دو طرح کے ہوتے ہیں۔ اخلاقی حقوق اور.............۔

(A) سیاسی حقوق (B) معاشرتی حقوق (C) قانونی حقوق (D) معاشی حقوق

-4 ''حقوق ریاست کی بنیاد ہوتے ہیں اور انصاف کا دارومدار حقوق پر ہوتا ہے'' حقوق کی تعریف کی ہے:

(A) سقراط نے (B) ارسطو نے (C) افلاطون نے (D) برٹرینڈ رسل نے

-5 ''سماجی زندگی کی ان شرائط کو حقوق کہتے ہیں جن کے بغیر کوئی فرد اپنی زندگی کی تکمیل نہیں کر سکتا'' کہا ہے:

(A) افلاطون نے (B) سقراط نے (C) ارسطو نے (D) ارشمیدس نے

-6 ''حقوق وہ توقعات ہیں جو ہم دوسروں سے اور دوسرے ہم سے کرتے ہیں'' حقوق کی تعریف کی ہے:

(A) ارسطو نے (B) سقراط نے (C) ہاب ہاؤس نے (D) افلاطون نے

-7 آفاقی فلسفہ میں انسانی حقوق حاصل ہو جاتے ہیں:

(A) جوانی میں (B) شہر میں (C) پیدا ہوتے ہی (D) بالغ ہوتے ہی

-8 انسانی حقوق وہ نظریہ ہے جس کے مطابق تمام انسان...............

(A) فانی ہیں (B) برابر ہیں (C) انسان ہیں (D) سمجھدار ہیں

-9 برطانیہ میں ''میگنا کارٹا'' نام کی ایک دستاویز پر وہاں کے بادشاہ نے دستخط کیے:

(A) 1212ء میں (B) 1213ء میں (C) 1214ء میں (D) 1215ء میں

-10 فرانس اور امریکا نے اپنے ہاں انسانی حقوق کو رائج کیا:

(A) پندرھویں صدی (B) سولھویں صدی (C) سترھویں صدی (D) اٹھارویں صدی

-11 انسانی حقوق کا جدید تصور سامنے آیا:

(A) پہلی جنگ عظیم کے بعد (B) دوسری جنگ عظیم کے بعد (C) اقوام متحدہ کے بعد (D) دوسری جنگ عظیم سے پہلے

-12 اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے مشاورت سے انسانی حقوق کا آفاقی منشور ترتیب دیا:

(A) 1945ء میں (B) 1947ء میں (C) 1948ء میں (D) 1950ء میں

-13 حقوق آزادی مہیا کرتے ہیں اور اس آزادی کی حفاظت کرتی ہے:

(A) برادری (B) ریاست (C) کمیونٹی (D) سوسائٹی

-14 حقوق اور..............کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔

(A) ریاست (B) جمہوریت (C) آمریت (D) کمیونٹی

-15 جدید دور کی ہر ریاست میں انسانی حقوق کو شامل کیا جاتا ہے:

(A) معاشرے میں (B) برادری میں (C) دستور میں (D) خاندان میں

-16 ہمارے نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے انسانی حقوق، آزادی اور مساوات کا اعلان فرمایا:

(A) خطبہ حجۃ الوداع میں (B) بیعت رضوان میں (C) ہجرت کے موقع پر (D) صلح حدیبیہ میں

-17 اسلام میں انسانی حقوق کا عظیم ترین چارٹر کہلاتا ہے:

(A) صلح حدیبیہ (B) بیعت رضوان (C) خطبہ حجۃ الوداع (D) خطبہ عیدین

www.ilmkidunya.com

18- خطبہ حجۃ الوداع جس دور میں دیا گیا وہ دور مغرب میں تھا:

(A) ترقی پذیر (B) ترقی یافتہ **(C)** تاریک (D) روشن

19- .............. ناقابل تقسیم، باہمی انحصار اور باہمی تعلق رکھتے ہیں۔

(A) سماجی حقوق (B) معاشی حقوق **(C)** انسانی حقوق (D) قانونی حقوق

20- شہریوں کو جو حقوق دیے جاتے ہیں اس کے بدلے میں ان پر کچھ ذمہ داریاں بھی عائد ہوتی ہیں جنھیں کہتے ہیں:

(A) حقوق العباد **(B)** فرائض (C) شہری حقوق (D) ذاتی حقوق

21- اپنے ملک کا وفادار رہنا، قانون کی پابندی کرنا، ٹیکس ادا کرنا وغیرہ ہیں شہری کے:

(A) معاشرتی حقوق (B) قانونی حقوق **(C)** فرائض (D) ذاتی حقوق

22- حقوق وفرائض ہیں:

(A) دونوں الگ الگ (B) دونوں عارضی **(C)** لازم وملزوم (D) صرف حقوق ہی حقوق

23- ادیانِ عالم کی تعلیمات میں حقوق وفرائض کو.............. کا درجہ حاصل ہے۔

**(A)** عبادت (B) قانون (C) نیکی (D) زندگی

24- اسلام نے انسانی حقوق کا اعلان کیا آج سے:

(A) تقریباً ہزار سال قبل **(B)** تقریباً چودہ سو سال قبل (C) تقریباً دو ہزار سال قبل (D) تقریباً نو سو سال قبل

25- جناب رسُولُ اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے میدان عرفات میں.............. کھڑے ہو کر آخری خطبہ دیا۔

(A) حرم کے قریب (B) منا کے قریب (C) جبل ثور کے قریب **(D)** جبل الرحمت کے قریب

26- جناب رسُولُ اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا "ہر فرد کی زندگی، جائیداد اور عزت دوسرے کے لیے .............. ہے"۔

(A) اہم (B) ضروری **(C)** مقدس (D) لازم

27- "اے لوگو! آپ کو اپنی بیویوں پر حق حاصل ہے ان کے ساتھ نرمی سے پیش آؤ" بہترین مثال ہے:

**(A)** انسانی حقوق کی (B) معاشی حقوق کی (C) قانونی حقوق کی (D) ذاتی حقوق کی

28- "اپنے غلاموں کو وہی کھلاؤ اور وہی پہناؤ جو تم خود اپنے لیے کھانا اور پہننا پسند کرتے ہو" بہترین مثال ہے:

(A) سیاسی حقوق کی (B) قانونی حقوق کی (C) معاشی حقوق کی **(D)** انسانی حقوق کی

29- اللہ تعالیٰ نے حقوق کو بڑی اہمیت دی ہے:

(A) پڑوسیوں (B) ناداروں (C) بیواؤں **(D)** سب کے

30- قرآن مجید میں یہ حکم ہے کہ "دین میں کوئی زبردستی نہیں":

**(A)** سورۃ البقرہ میں (B) سورۃ آل عمران میں (C) سورۃ النساء میں (D) سورۃ الحجرات میں

31- "اور جنھیں وہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں انھیں برا مت کہو" بہترین مثال ہے:

(A) معاشی حقوق کی (B) سیاسی حقوق کی **(C)** مذہبی حقوق کی (D) معاشرتی حقوق کی

32- اسلامی ریاست میں شہریوں کو جائیداد بنانے اور نجی جائیداد رکھنے کا حق دیا گیا ہے جو کہ:

(A) مذہبی حق ہے (B) سیاسی حق ہے **(C)** معاشی حق ہے (D) معاشرتی حق ہے

www.ilmkidunya.com

47- ''کوئی فرد یا ادارہ کسی دوسرے فرد کو ریاستی قانون کی اجازت کے بغیر قید نہیں رکھ'' یہ ہے:

(A) معاشی حق (B) انسانی حق (C) آزادی کا حق (D) تنقید کا حق

48- خواتین کی عزت و آبرو کی حفاظت اسلامی ریاست کا بڑا اہم ............ ہے۔

(A) فریضہ (B) نقص (C) عیب (D) اعزاز

49- اسلام نے ............ میں عورت کا حصہ مقرر کر کے اسے معاشی تحفظ فراہم کیا ہے۔

(A) حکومت (B) عدالت (C) وارثت (D) ملازمت

50- کسی کی پیٹھ پیچھے اس کی برائی کو اپنے مردہ بھائی کے ............ سے تشبیہ دی گئی:

(A) گوشت کھانے (B) عیب تلاش کرنے (C) وفات پا جانے (D) ساتھ تعلق

51- ''اے ایمان والو! مردوں کا کوئی گروہ دوسرے مردوں کا مذاق نہ اڑائے'' یہ حکم ہے:

(A) سورۃ البقرہ میں (B) سورۃ الحجرات میں (C) سورۃ لقمان میں (D) سورۃ المائدہ میں

52- اقوام متحدہ کی کوششوں سے انسانی حقوق کا کمیشن بنا:

(A) فروری 1946ء میں (B) مارچ 1945ء میں (C) مئی 1947ء میں (D) جون 1948ء میں

53- انسانی حقوق کا عالمی منشور جنرل اسمبلی میں منظور ہوا:

(A) 16 اگست 1945ء کو (B) 15 نومبر 1947ء کو (C) 14 اکتوبر 1940ء کو (D) 10 دسمبر 1948ء کو

54- اقوام متحدہ ہر سال عالمی منشور کی سالگرہ مناتی ہے:

(A) 14 اگست کو (B) 16 جنوری کو (C) 25 اکتوبر کو (D) 10 دسمبر کو

55- پاکستان کے کسی شہری کو بغیر وجہ بتائے گرفتار نہیں کیا جا سکتا، گرفتاری کی صورت میں ............ گھنٹے کے اندر مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کرنا ہوگا۔

(A) 12 گھنٹے (B) 24 گھنٹے (C) 36 گھنٹے (D) 54 گھنٹے

56- انسانی حقوق کا مطلب ہے وہ معاشرتی اور سیاسی سہولیات جو ایک ریاست اپنے شہریوں کو مہیا کرتی ہے یہ حقوق ہیں:

(A) صوبائی سطح پر (B) انفرادی سطح پر (C) اجتماعی سطح پر (D) قومی سطح پر

57- بین الاقوامی سطح پر انسانی حقوق کا سلسلہ جاری ہے:

(A) 1943ء سے (B) 1944ء سے (C) 1945ء سے (D) 1947ء سے

58- اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق پاکستان میں ہر شہری بلا امتیاز، مذہب، رنگ، نسل قانون کی نظر میں ............۔

(A) برابر ہے (B) مختلف مقام رکھتا ہے (C) مختلف حقوق رکھتا ہے (D) مختلف فرائض رکھتا ہے

59- ''اور ان کے مالوں میں سوال کرنے والوں اور محتاجوں کا حق ہوتا ہے'' یہ مثال ہے:

(A) سیاسی حقوق کی (B) معاشی حقوق کی (C) مذہبی حقوق کی (D) معاشرتی حقوق کی

60- انسانی بنیادی حقوق نہیں ہوتے:

(A) بخشش (B) ملکیت (C) ضرورت (D) جاگیر

## مشقی مختصر جوابی سوالات (ٹیکسٹ بک)

i- اسلامی انسانی حقوق کیا ہیں؟

جواب: اسلامی انسانی حقوق درج ذیل ہیں:

1- مذہبی حقوق 2- معاشی حقوق 3- سیاسی حقوق 4- شہری حقوق

www.ilmkidunya.com

ii- **حقوق کی تعریف لکھیں۔**

**جواب:** وہ مطالبات جو شہری اپنی بھلائی کے لیے حکومت سے یا آپس میں کرتے ہیں اور حکومت اور معاشرہ انھیں تسلیم کرتا ہے، حقوق کہلاتے ہیں۔

iii- **معاشی حقوق سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** معاشی حقوق سے مراد وہ وسائل ہیں جن کے ذریعے انسان اپنی ضروریاتِ زندگی حاصل کرتا ہے۔ ان وسائل کے بغیر انسان عام طور پر اطمینان کی زندگی بسر نہیں کرسکتا اور نہ ہی اپنے فرائض ٹھیک طرح سے ادا کرسکتا ہے۔

iv- **انسانی حقوق کے عالمی منشور کو کب اور کس نے منظور کیا؟**

**جواب:** انسانی حقوق کے عالمی منشور کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 10 دسمبر 1948ء کو منظور کیا۔

v- **شہریوں کے کوئی سے دو سیاسی حقوق لکھیں۔**

**جواب:** 1- اسلام میں ہر شہری کو اپنی رائے دینے، حکومت پر تنقید کرنے اور غلط فیصلوں کے خلاف احتجاج کرنے کا حق حاصل ہے۔

2- عوام کی رائے کو اسلام میں بہت زیادہ احترام دیا گیا ہے۔ عوام کو اپنی رائے کے اظہار میں مکمل آزادی دی گئی ہے۔ ہر شہری کو تحریر و تقریر کا حق حاصل ہے۔

vi- **فرائض کی تعریف بیان کریں۔**

**جواب:** شہریوں کو جو حقوق دیے جاتے ہیں ان کے بدلے میں ان پر کچھ ذمہ داریاں بھی عائد ہوتی ہیں، جنھیں فرائض کہتے ہیں مثلاً اپنے ملک کا وفادار رہنا، قانون کی پابندی کرنا، ٹیکس ادا کرنا وغیرہ۔

vii- **معاشی حقوق کے سلسلے میں کوئی قرآنی آیت یا اس کا ترجمہ پیش کریں۔**

**جواب:** معاشی حقوق کے سلسلے میں قرآن مجید کی ایک آیت کا ترجمہ درج ذیل ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

**ترجمہ:** اور ان کے مالوں میں سوال کرنے والوں اور محتاجوں کا حق ہوتا تھا۔ (سورۃ الذاریات، آیت نمبر 19)

viii- **کوئی سے دو معاشرتی حقوق بیان کریں۔**

**جواب:** 1- ہر شہری کو اپنی زبان و ثقافت کی ترقی اور حفاظت کے لیے مناسب اقدامات کرنے کا حق حاصل ہے۔

2- ہر شہری کو جائیداد خریدنے کا حق حاصل ہے۔

## اضافی مختصر جوابی سوالات

1- **انسانی حقوق سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** وہ مطالبات جو شہری اپنی بھلائی کے لیے حکومت سے یا آپس میں کرتے ہیں حکومت اور معاشرہ انھیں تسلیم کرتا ہے حقوق کہلاتے ہیں۔

2- **حقوق کتنی طرح کے اور کون کون سے ہوتے ہیں؟**

**جواب:** حقوق دو طرح کے ہوتے ہیں:

1- اخلاقی حقوق 2- قانونی حقوق

3- **ارسطو نے حقوق کی اہمیت کیا بیان کی ہے؟**

**جواب:** ارسطو کے مطابق ”حقوق ریاست کی بنیاد ہوتے ہیں اور انصاف کا دارومدار حقوق پر ہوتا ہے“۔

4- **ارسطو نے انسانی حقوق کی کیا تعریف کی ہے؟**

**جواب:** ارسطو کے خیال میں ”سماجی زندگی کی ان شرائط کو حقوق کہتے ہیں جن کے بغیر کوئی فرد اپنی زندگی کی تکمیل نہیں کرسکتا“۔

5- **انسانی حقوق کی ہاب ہاؤس کی تعریف لکھیں۔**

**جواب:** ہاب ہاؤس کے مطابق ”حقوق وہ توقعات ہیں جو ہم دوسروں سے اور دوسرے ہم سے کرتے ہیں“۔

6- **انسانی حقوق کا نظریہ کیا ہے؟**

**جواب:** انسانی حقوق وہ نظریہ ہے جس کے مطابق تمام انسان برابر ہیں اور یکساں طور پر حقوق رکھتے ہیں۔ اس نظریہ میں وہ تمام اجزا شامل ہیں جس کے تحت

www.ilmkidunya.com

انسان یکساں طور پر بنیادی ضروریات اور سہولیات کے لحاظ سے برابر کے حق دار ہیں۔

7- **آفاقی فلسفہ میں انسانی حقوق کا کیا مقام ہے؟**

جواب: آفاقی فلسفہ میں انسانی حقوق انسان کے پیدا ہوتے ہی حاصل ہو جاتے ہیں خواہ وہ کسی خطے یا معاشرے میں رہ رہا ہو یا کسی نظریے کا حامل ہو۔ انسانی حقوق کو معاشرتی طور پر عوامی رائے یا قومی و بین الاقوامی قوانین کی مدد سے نافذ کیا جاتا ہے۔

8- **برطانیہ میں ''میگنا کارٹا'' نام کی دستاویز پر کب دستخط کیے؟**

جواب: 1215ء میں برطانیہ میں ''میگنا کارٹا'' نام کی ایک دستاویز پر وہاں کے بادشاہ نے دستخط کیے اس کے بعد برطانوی دستور میں مسودہ حقوق اور عرضداشت حقوق بھی شامل کیے گئے۔

9- **فرانس اور امریکہ میں انسانی حقوق کب رائج ہوئے؟**

جواب: فرانس اور امریکہ نے اٹھارویں صدی کے آخر میں انسانی حقوق کو رائج کیا۔ وقت کے ساتھ ساتھ جمہوریت، آزادی اور حقوق کے حوالے سے بڑی پیش رفت ہوئی۔

10- **انسانی حقوق کا جدید تصور کب پیش کیا گیا؟**

جواب: انسانی حقوق کا جدید تصور دوسری جنگ عظیم کے بعد سامنے آیا۔

11- **اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے انسانی حقوق کا منشور کب ترتیب دیا؟**

جواب: اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 1948ء میں مشاورت سے انسانی حقوق کا آفاقی منشور ترتیب دیا۔

12- **انسانی حقوق کی اہمیت بیان کریں۔**

جواب: حقوق آزادی مہیا کرتے ہیں اور آزادی کی حفاظت ریاست کرتی ہے۔ حقوق اور آزادی انسانی صلاحیتوں کو اُجاگر کرتے ہیں افراد اپنے آپ کو محفوظ اور مطمئن محسوس کرتے ہیں۔

13- **جمہوریت اور حقوق کا کیا تعلق ہے؟**

جواب: جمہوریت اور حقوق کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ جدید دور کی ہر ریاست میں حقوق پر بڑا زور دیا جاتا ہے۔ انسانی حقوق کی فہرست کو دستور میں شامل کیا جاتا ہے۔ دستور میں دیے گئے حقوق کی حفاظت کا عدالتوں کے ذریعے خصوصی بندوبست کیا جاتا ہے۔

14- **اسلام میں انسانی حقوق کا چارٹر کسے کہتے ہیں؟**

جواب: ہمارے نبی کریم جناب رسُولُ اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے انسانی حقوق، آزادی اور مساوات کا اعلان 10 ہجری بمطابق 631 عیسوی اپنے خطبہ حجۃ الوداع میں فرمایا جس کو انسانی حقوق کا چارٹر کہا جاتا ہے۔

15- **خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر مغربی دنیا کی حالت کیا تھی؟**

جواب: خطبہ حجۃ الوداع میں انسانی حقوق کا اعلان کیا گیا جبکہ یہ دور مغرب کا تاریک دور تھا مغربی دنیا ابھی پوری طرح انسانی حقوق کے تصور سے آشنا نہیں تھی۔

16- **انسانی حقوق کی نوعیت و ماہیت کیا ہے؟**

جواب: انسانی حقوق ناقابل تقسیم، باہمی انحصار اور باہمی تعلق رکھتے ہیں۔ انسانی بنیادی حقوق کسی کی بخشش نہیں ہوتے بلکہ ہر انسان پیدا ہوتے ہی ان حقوق کا دعویدار بن جاتا ہے۔ ان حقوق کی حیثیت ہمہ گیر ہوتی ہے۔

17- **فرائض کی تعریف کریں۔**

جواب: شہریوں کو جو حقوق دیے جاتے ہیں ان کے بدلے میں ان پر کچھ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں جنھیں فرائض کہتے ہیں مثلاً اپنے ملک کا وفادار رہنا، قانون کی پابندی کرنا، ٹیکس ادا کرنا وغیرہ۔

18- **حقوق و فرائض کی اہمیت بیان کریں۔**

جواب: حقوق و فرائض لازم و ملزوم ہیں اور فرائض ادا کیے بغیر ترقی کا خواب ادھورا رہ جاتا ہے۔

www.ilmkidunya.com

19- ادیانِ عالم میں حقوق و فرائض کا کیا درجہ ہے؟

**جواب:** ادیانِ عالم کی تعلیمات میں حقوق و فرائض کو عبادات کا درجہ حاصل ہے اس زمانے میں ہر ملک کے شہری کو حقوق کے ساتھ ساتھ فرائض بھی ادا کرنے ہوتے ہیں۔ فرض نبھائے بغیر حق کا مطالبہ کرنا صحیح نہیں۔

20- اسلام میں انسانی حقوق کا تصور کب سے شروع ہوا؟ خطبہ حجۃ الوداع کب اور کہاں دیا؟

**جواب:** اسلام نے آج سے تقریباً چودہ سو سال پہلے انسانی حقوق کا اعلان کیا۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے ہجرت کے دسویں سال حج فرمایا اور میدانِ عرفات میں جبل الرحمت کے قریب کھڑے ہو کر آخری خطبہ دیا جسے خطبہ حجۃ الوداع کہتے ہیں۔

21- خطبہ حجۃ الوداع کے دو نکات بیان کیجیے۔

**جواب:** 1- کسی عربی کو عجمی پر اور کسی عجمی کو عربی پر کوئی فوقیت حاصل نہیں اور اگر ہے تو صرف تقویٰ کی بنیاد پر۔

2- اے لوگو! میرے الفاظ سن لو اور یاد رکھو کہ تمام مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں جب تم آپس میں بھائی بھائی ہو تو اپنے بھائی کا مال مت لو جس کو وہ خوشی سے نہ دینا چاہے۔

22- خطبہ حجۃ الوداع میں جناب رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے غلاموں کے حقوق کے بارے میں کیا فرمایا؟

**جواب:** جناب رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: اپنے غلاموں کو وہی کھلاؤ اور وہی پہناؤ جو تم اپنے لیے کھانا اور پہننا پسند کرتے ہو۔ اگر کوئی غلطی کر بیٹھیں اور آپ انھیں معاف کرنے کے لیے تیار نہ ہوں تو تب انھیں آزاد کر دیں اور ان کے ساتھ سختی سے پیش مت آئیں۔

23- خطبہ حجۃ الوداع میں جناب رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے عورتوں کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** جناب رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: "اے لوگو! آپ کو اپنی بیویوں پر حق حاصل ہے ان سے نرمی سے پیش آؤ یقیناً وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے آپ کی حفاظت میں ہیں اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے آپ پر حلال ہیں۔"

24- اسلام میں شہریوں کے حقوق کے بارے میں کیا حکم ہے؟

**جواب:** اسلام میں حقوق پر بڑا زور دیا گیا ہے اور اسلامی ریاست شہریوں کے حقوق کی ذمہ دار قرار دی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے اپنی احادیث مبارکہ میں شہریوں کے حقوق کے حوالے سے بڑی واضح ہدایات فرمائی ہیں۔

25- اللہ تعالیٰ نے کن لوگوں کے حقوق کو اہمیت دی ہے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے پڑوسیوں، ناداروں، بیواؤں، یتیموں، رشتہ داروں اور قرابت داروں کے حقوق کو بڑی اہمیت دی گئی ہے۔

26- اسلام میں شہریوں کے حقوق کی اقسام بیان کریں۔

**جواب:** اسلام میں شہریوں کے حقوق درج ذیل ہیں:

1- مذہبی حقوق 2- معاشی حقوق 3- سیاسی حقوق 4- شہری حقوق

27- اسلامی ریاست میں مذہبی حقوق کی کیا اہمیت ہے؟

**جواب:** اسلامی ریاست میں مذہبی آزادیاں دی جاتی ہیں۔ غیر مسلموں کو بھی اپنے اپنے مذاہب کے مطابق زندگی بسر کرنے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں قرآن مجید میں حکم ہے۔ "دین میں کوئی زبردستی نہیں ہے بے شک ہدایت گمراہی سے خوب واضح ہو چکی ہے"۔

28- غیر مسلم کی عبادت کے بارے میں کیا حکم ہے؟

**جواب:** اسلام میں غیر مسلم کی عبادت پر کوئی پابندی نہیں قرآن مجید میں ارشاد ہے: "اور جنھیں وہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں انھیں برا مت کہو پس (ایسا نہ ہو) کہ وہ بھی علم کے بغیر زیادتی کرتے ہوئے اللہ کو برا بھلا کہنے لگیں"۔

29- اسلام میں معاشی حقوق کی کیا اہمیت ہے؟

**جواب:** اسلامی ریاست میں شہریوں کو جائیداد بنانے اور نجی جائیداد رکھنے کا حق دیا گیا ہے۔ انسانی زندگی کی طرح انسانوں کی جائیدادوں کی حفاظت بھی ریاست کی ذمہ داری ہے۔

30- معاشی حقوق کے بارے میں نبی کریم حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے خطبہ حجۃ الوداع میں فرمایا: خبردار! آپ کی زندگیاں اور آپ کے مال ایک دوسرے کے لیے اسی طرح

www.ilmkidunya.com

# پاکستان کا نظام تعلیم

## مشقی کثیر الانتخابی سوالات (ٹیکسٹ بک)

i- انگریزی لفظ ایجوکیشن کا معنی ہے:
(الف) نشو ونما کرنا (ب) سیکھنا (ج) پرکھنا (د) آگے بڑھنا

ii- پاکستان میں تعلیم کے مدارج ہیں:
(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

iii- ملک کی صنعتی ترقی کے لیے بنیادی حیثیت رکھتی ہے:
(الف) سائنس کی تعلیم (ب) انجینئرنگ کی تعلیم (ج) بزنس اور کامرس کی تعلیم (د) مذہبی تعلیم

iv- ایلیمنٹری تعلیم کا دورانیہ ہے:
(الف) چھے سال (ب) سات سال (ج) آٹھ سال (د) نو سال

v- اعلیٰ ثانوی تعلیم کا دوسرا نام ہے:
(الف) گریجوایشن (ب) انٹرمیڈیٹ (ج) پوسٹ گریجوایشن (د) پروفیشنل

vi- ابتدائی تعلیم سے اعلیٰ تعلیم تک مفت تعلیم فراہم کی جاتی ہے:
(الف) سرکاری اداروں میں (ب) نجی اداروں میں (ج) دینی مدارس میں (د) صنعتی تعلیمی اداروں میں

vii- سیکنڈری تعلیم کا دورانیہ ہے:
(الف) دو سال (ب) تین سال (ج) چار سال (د) پانچ سال

viii- انٹرمیڈیٹ کے بعد ایل ایل بی کرنے میں جتنے سال لگتے ہیں:
(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

ix- علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا طریقہ تدریس ہے:
(الف) غیررسمی (ب) فاصلاتی (ج) پیچیدہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

x- انسان کو معاشرتی حیوان سمجھتا تھا:
(الف) ارسطو (ب) سقراط (ج) بقراط (د) افلاطون

## اضافی کثیر الانتخابی سوالات

1- تعلیم کے لیے انگریزی میں لفظ استعمال ہوتا ہے:
Educare (A) Educatum (B) Education (C) Educaere (D)

2- لفظ Education کے معنی ہیں:
(A) مخفی صلاحیتوں کو جلا دینا (B) لکھانا (C) سکھانا (D) پہنچانا

www.ilmkidunya.com

3- لفظ ایجوکیشن کے معنی میں شامل نہیں:

(A) تربیت دینا (B) نشوونما کرنا (C) مکمل کرنا (D) خاص سمت میں رہنمائی کرنا

4- "تعلیم" عربی کے لفظ.................... سے ماخوذ ہے۔

(A) معلم (B) تعلّم (C) علم (D) متعلّم

5- "تعلیم".................... کے لفظ سے ماخوذ ہے۔

(A) اُردو (B) عربی (C) فارسی (D) عبرانی

6- "علم" کے معنی ہیں:

(A) پڑھانا (B) لکھانا (C) جاننا (D) تربیت کرنا

7- "علم" کے معنی میں شامل نہیں:

(A) جاننا (B) پہچاننا (C) حقیقت کا ادراک کرنا (D) پڑھنا

8- انسان کے اندر کھلی یا چھپی جو صلاحیتیں قدرت نے رکھی ہیں ان کو بروئے کار لانے میں مدد دیتا/دیتی ہے:

(A) تعلیم (B) تعلّم (C) معلّم (D) متعلّم

9- "تعلیم ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے معاشرے کے افراد کی تربیت اور نشوونما کا بندوبست کیا جاتا ہے"، تعلیم کا یہ مفہوم ہے:

(A) لغوی (B) اصطلاحی (C) پیشہ ورانہ (D) رسمی

10- تعلیم کا مفہوم واضح کرنے کے لیے مختلف ماہرین نے اس کی تعریفیں کی ہیں:

(A) یکساں (B) مختلف (C) اصطلاحی (D) لغوی

11- بعض نے تعلیم کو.................... کی تلاش کا عمل قرار دیا ہے۔

(A) نیکی (B) دولت (C) سچائی (D) رہنمائی

12- کچھ ماہرین کہتے ہیں کہ تعلیم انسان کو.................... بناتی ہے۔

(A) طالب علم (B) افسر (C) انسان (D) کسان

13- کچھ ماہرین کے مطابق "تعلیم معاشرے کے ساتھ.................... پیدا کرنے کا عمل ہے۔"

(A) مطابقت (B) اختلاف (C) نفرت (D) یکجہتی

14- کچھ ماہرین کی رائے میں "تعلیم قوم کے تہذیبی ورثے کی حفاظت کرتی، اس کی اصلاح کرتی اور قومی ثقافت کو نسل در نسل.................... کرتی ہے۔"

(A) منتقل (B) محفوظ (C) ترقی یافتہ (D) تربیت

15- معاشرے کے نظریہ حیات کی حفاظت، منتقلی اور اصلاح و ترمیم کا سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے لے کر....................۔

(A) وفات تک رہا (B) اب تک جاری ہے (C) پندرھویں صدی تک جاری رہا (D) جدید دور تک جاری رہا

16- نظریہ حیات اور اپنی ثقافت کے تحفظ کے لیے ہر معاشرہ قائم کرتا ہے:

(A) ہسپتال (B) کارخانے (C) کھیل کے میدان (D) تعلیمی ادارے

www.ilmkidunya.com

17- کسی معاشرے کے مقاصد تعلیم اور نظام تعلیم بدلنے سے معاشرے میں.................

(A) تبدیلیاں پیدا ہوتی ہیں (B) فصلیں پیدا ہوتی ہیں (C) صنعتیں پیدا ہوتی ہیں (D) بُرائیاں پیدا ہوتی ہیں

18- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے عربوں کی ثقافت کی .................. کے ذریعے تشکیل نو کی کہ وہ قوم دنیا کی امام بن گئی۔

(A) ٹیکنالوجی (B) جدید ترقی (C) تعلیم (D) وسائل

19- دستور پاکستان 1973ء میں بھی پاکستان کے نظام تعلیم کے .................. بیان کر دیے گئے ہیں۔

(A) اوصاف (B) مدارج (C) درجات (D) مقاصد

20- پاکستانی نظام تعلیم کے مقاصد میں نظریہ اسلام اور .................. کے تحفظ کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔

(A) پیشہ وارانہ تعلیم (B) نظریہ ضرورت (C) کمپیوٹر کی تعلیم (D) نظریہ پاکستان

21- پاکستان میں پہلی سے پانچویں جماعت تک کی تعلیم کو کہا جاتا ہے:

(A) ابتدائی تعلیم (B) پرائمری تعلیم (C) مڈل تعلیم (D) ایلیمنٹری تعلیم

22- پہلی سے آٹھویں جماعت تک کی تعلیم مجموعی طور پر کہلاتی ہے:

(A) پرائمری (B) پریپ (C) ایلیمنٹری یا ابتدائی (D) نرسری

23- کسی بھی نظام تعلیم کی بنیاد ہوتی ہے:

(A) پرائمری تعلیم (B) ابتدائی تعلیم (C) ثانوی تعلیم (D) نرسری تعلیم

24- کسی ملک کی شرح خواندگی کے لیے بہت اہم سمجھا جاتا ہے:

(A) پرائمری تعلیم کو (B) ابتدائی تعلیم کو (C) ثانوی تعلیم کو (D) اعلیٰ ثانوی تعلیم کو

25- نویں اور دسویں جماعتوں کی تعلیم کہلاتی ہے:

(A) ایلیمنٹری (B) مڈل (C) سیکنڈری (D) اعلیٰ تعلیم

26- یہ تعلیم ابتدائی تعلیم اور اعلیٰ تعلیم کے درمیان پل کا کام دیتی ہے:

(A) ایلیمنٹری (B) پرائمری (C) سیکنڈری (D) اعلیٰ تعلیم

27- اگلے مدارج کے لیے یہ تعلیم "لانچنگ پیڈ" کی حیثیت رکھتی ہے:

(A) سیکنڈری (B) ایلیمنٹری (C) پرائمری (D) اعلیٰ تعلیم

28- اس درجے میں گیارھویں اور بارھویں جماعتیں شامل ہیں:

(A) سیکنڈری (B) اعلیٰ تعلیم (C) ہائر سیکنڈری (D) مڈل

29- .................. کے امتحانات بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن منعقد کرواتا ہے۔

(A) چھٹی سے آٹھویں جماعتوں (B) نویں سے بارھویں جماعتوں (C) پہلی سے آٹھویں جماعتوں (D) چھٹی سے آٹھویں جماعتوں

30- اس درجے میں آرٹس، سائنس، کمپیوٹر سائنس اور کامرس کی تعلیم دی جاتی ہے:

(A) سیکنڈری (B) ایلیمنٹری (C) اعلیٰ تعلیم (D) کامرس

31- .................. مکمل کرنے کے بعد طلبہ اعلیٰ تعلیم یا پیشہ ورانہ تعلیم کے اداروں میں داخلہ لیتے ہیں۔

(A) سیکنڈری (B) ہائر سیکنڈری (C) اعلیٰ تعلیم (D) پیشہ ورانہ تعلیم

www.ilmkidunya.com

# مشقی مختصر جوابی سوالات (ٹیکسٹ بک)

i- پاکستان میں تعلیم کے کوئی سے چار مقاصد بیان کیجیے۔

جواب: 1- تربیت اساتذہ کے لیے مؤثر ڈھانچا تشکیل دینا۔ 2- نصاب اور قرآن اور اسلامی اصولوں کے عین مطابق ڈھالنا۔

3- کمپیوٹر کو کمرا جماعت میں مؤثر تعلم کے لیے استعمال کرنا۔ 4- نصاب اور درسی کتب کو از سر نو مرتب کرنا۔

ii- پیشہ ورانہ اور عام تعلیم میں کیا فرق ہے؟

جواب: پروفیشنل یا پیشہ ورانہ تعلیم سے ایسی تعلیم مراد لی جاتی ہے جس کے حصول کے بعد لوگ مختلف پیشے اختیار کر کے اپنی روزی کمانے کے قابل ہو جاتے ہیں جب کہ عام تعلیم سے مراد ایسی تعلیم ہے جس کا اہتمام سکولوں، کالجوں اور دوسرے تعلیمی اداروں میں کیا جاتا ہے لیکن ایسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد کوئی شخص کسی شعبے کا ماہر نہیں بنتا۔

iii- غیر رسمی تعلیم سے کیا مراد ہے؟

جواب: غیر رسمی تعلیم باقاعدہ اداروں سے حاصل نہیں کی جاتی اور نہ ہی شعوری انداز میں مقاصد تعلیم کو پیش نظر رکھا جاتا ہے۔ گھر میں، گلی محلے میں، دوستوں کے ساتھ کھیلتے ہوئے، بازار میں، مسجد میں انسان بہت کچھ سیکھتا ہے یہ سب غیر رسمی تعلیم کا طریقہ ہے۔ غیر رسمی تعلیم کے لیے جگہ، وقت اور نصاب کا تعین نہیں ہوتا۔ ایسی تعلیم کا سب سے بڑا اور اولین مرکز گھر ہے۔ گھر اور خاندان کے بہت سے رسم و رواج آدمی خود بخود سیکھتا ہے۔ کاشت کار کا بیٹا اپنے والدین کا ہاتھ بٹانے میں کاشت کاری سیکھ لیتا ہے، لوہار کا بیٹا لوہے کا کام اور ترکھان کا بیٹا لکڑی کا کام سیکھ جاتا ہے۔ غیر رسمی تعلیم کے لیے کسی درجے کا تعین نہیں ہوتا بلکہ انسان ساری زندگی یہ تعلیم حاصل کرتا رہتا ہے۔

iv- تعلیم کا مفہوم لکھیں۔

جواب: انگریزی میں تعلیم کے لیے لفظ ایجوکیشن (Education) استعمال ہوتا ہے جس کے معنی تربیت دینا، نشوونما کرنا، کسی خاص سمت میں راہ نمائی کرنا اور مخفی صلاحیتوں کو جلا دینا کے ہیں۔ تعلیم عربی کے لفظ علم سے ماخوذ ہے۔ علم کے معنی جاننا، پہچاننا یا کسی حقیقت کا ادراک حاصل کرنا ہیں۔ تعلیم کے معنی بتانا، پڑھانا، بار بار اور کثرت سے خبر دینے کے ہیں۔ تعلیم محض علم پہنچانے کا نام نہیں ہے بلکہ معاشرتی تربیت، اخلاق اور کردار کی تعمیر بھی اس میں شامل ہے۔ اس طرح تعلیم یا ایجوکیشن کے مفہوم سے واضح ہوتا ہے کہ انسان کے اندر کھلی یا چھپی جو صلاحیتیں قدرت نے رکھی ہیں ان کو بروئے کار لانے میں مدد دینا تعلیم یا ایجوکیشن ہے۔

v- نویں اور دسویں جماعتوں کی تعلیم کیا کہلاتی ہے؟

جواب: نویں اور دسویں جماعتوں کی تعلیم سیکنڈری تعلیم کہلاتی ہے۔ اس تعلیم کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ یہ تعلیم، ابتدائی تعلیم اور اعلیٰ تعلیم کے درمیان ایک پل کا کام دیتی ہے۔ اس درجے میں آرٹس، کمپیوٹر سائنس اور کامرس کی تعلیم دی جاتی ہے۔ یہاں سے طلبہ کے مستقبل کے لیے خدوخال واضح ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ ثانوی تعلیم اگلے مدارج کے لیے ایک لانچنگ پیڈ کی حیثیت رکھتی ہے۔

www.ilmkidunya.com

-vi انفارمیشن ٹیکنالوجی سے کیا مراد ہے؟

جواب: انفارمیشن ٹیکنالوجی سے مراد کمپیوٹر کا ایک ایسا شعبہ ہے جس میں دنیا بھر کے ڈیٹا کو اکٹھا کیا جا سکتا ہے۔ اس کی بدولت دنیا سمٹ کر رہ چکی ہے اور زندگی کے ہر شعبے میں بہت سی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں۔

-vii خصوصی افراد کی تعلیم کیا ہوتی ہے؟

جواب: خصوصی افراد بھی معاشرے کا حصہ ہوتے۔ ان میں نابینا، گونگے، بہرے اور دیگر خصوصی افراد شامل ہیں۔ ان کی تعلیم و تربیت کے لیے ملک میں خصوصی تعلیم کے ادارے قائم کیے گئے ہیں۔ حکومت نے خصوصی بچوں کی تعلیم اور بحالی کے لیے خطیر رقم مختص کی ہے اور سرکاری اداروں اور ملازمتوں میں خصوصی افراد کے لیے 2 فی صد کوٹہ مقرر کیا ہے۔

-viii فاصلاتی نظامِ تعلیم کا تعارف پیش کریں۔

جواب: فاصلاتی تعلیم کے لیے اسلام آباد میں علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی قائم کی گئی ہے۔ یہ یونی ورسٹی ملک میں فاصلاتی تعلیم کا بندوبست کرتی ہے۔ اس کے ذیلی علاقائی دفاتر سارے پاکستان میں قائم ہیں جہاں طالب علم گھر بیٹھے میٹرک سے لے کر ایم فل اور پی ایچ ڈی کی ڈگریاں حاصل کر رہے ہیں۔ اس طرز پر قائم ورچوئل یونیورسٹی اور دیگر یونیورسٹیاں فاصلاتی نظام تعلیم کے ذریعے سے سائنس، آرٹس، کمپیوٹر اور دیگر مضامین کی تعلیمی سہولت فراہم کر رہی ہیں۔ فاصلاتی تعلیم کے فروغ کے لیے ریڈیو اور ٹیلی وژن کو استعمال کرنے کے ساتھ ساتھ انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا سے بھی بھرپور کام لیا جا رہا ہے۔

## اضافی مختصر جوابی سوالات

-1 لفظ ایجوکیشن (Education) کے معنی بیان کریں۔

جواب: انگریزی میں تعلیم کے لیے لفظ ایجوکیشن (Education) استعمال ہوتا ہے جس کے معنی تربیت دینا، نشوونما کرنا، کسی خاص سمت میں رہنمائی کرنا اور مخفی صلاحیتوں کو جلا دینا کے ہیں۔

-2 لفظ تعلیم کے معنی بیان کریں۔

جواب: ''تعلیم'' عربی زبان کے لفظ علم سے ماخوذ ہے۔ ''علم'' کے معنی جاننا، پہچاننا اور حقیقت کا ادراک کرنا ہیں۔ تعلیم کے معنی بتانا، پڑھانا، بار بار اور کثرت سے خبر دینے کے ہیں۔ تعلیم محض علم پہنچانے کا نام نہیں ہے بلکہ معاشرتی تربیت، اخلاق اور کردار کی تعمیر بھی اس میں شامل ہے۔

-3 تعلیم کا مفہوم بیان کریں۔

جواب: تعلیم یا ایجوکیشن کے مفہوم سے واضح ہوتا ہے کہ انسان کے اندر کھلی یا چھپی جو صلاحیتیں قدرت نے رکھی ہیں ان کو بروئے کار لانے میں مدد دینا تعلیم یا ایجوکیشن ہے۔

-4 اصطلاحی طور پر تعلیم سے کیا مراد ہے؟

جواب: اصطلاحی طور پر تعلیم ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے سے معاشرے کے افراد کی تربیت اور نشوونما کا بندوبست کیا جاتا ہے جس کے نتیجے میں افراد کو معاشرے کے کامیاب ارکان کی حیثیت سے زندگی گزارنے کے قابل بنایا جاتا ہے۔

-5 مختلف ماہرین نے تعلیم کی کیا تعریفیں کی ہیں؟

جواب: مختلف ماہرین نے تعلیم کا مفہوم واضح کرنے کے لیے تعلیم کی مختلف تعریفیں کی ہیں۔

-1 ''تعلیم سچائی کی تلاش کا عمل ہے''۔ (ارسطو) -2 ''تعلیم انسان کو انسان بناتی ہے''۔

-3 ''تعلیم معاشرے کے ساتھ مطابقت پیدا کرنے کا عمل ہے''۔

-4 ''تعلیم قوم کے تہذیبی ورثے کی حفاظت کرتی ہے۔ اس کی اصلاح کرتی ہے اور قومی ثقافت کو نسل در نسل منتقل کرتی ہے''۔

www.ilmkidunya.com

6- **تعلیم کے بارے میں ہر معاشرے کی کیا خواہش رہی ہے؟**

**جواب:** تعلیم کے بارے میں مختلف معاشروں میں مختلف تصورات پائے جاتے ہیں۔ ہمیشہ سے معاشرے کی یہ خواہش رہی ہے کہ اس کا نظریہ حیات اور ثقافت محفوظ رہے اور آئندہ نسل کو منتقل ہوتی رہے انسان کی اگلی نسل اپنی سوچ اور ضرورت کے مطابق اس میں اصلاح و ترمیم کرتی رہتی ہے اور یہ سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے اب تک جاری ہے۔

7- **تہذیب وثقافت کی حفاظت سے متعلق تعلیم کا اہم فریضہ کیا ہے؟**

**جواب:** تہذیب وثقافت کی حفاظت اور اس کے مطابق مستقبل کے معاشرے کی تربیت تعلیم کے اہم فرائض میں شامل ہے۔ نظریہ حیات اور اپنی ثقافت کے تحفظ کے لیے ہر معاشرہ تعلیمی ادارے قائم کرتا ہے اس طرح ہر معاشرے کا ثقافتی اور تہذیبی ورثہ ایک نسل سے دوسری نسل کو منتقل ہو رہا ہے اور یہ سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا۔

8- **معاشرے اور تعلیم کا کیا باہمی تعلق ہے؟**

**جواب:** معاشرے میں ہونے والی معاشرتی تبدیلیاں، مقاصد تعلیم اور نظام تعلیم کی تبدیلی کا باعث بنتی ہیں۔ تعلیم کے بدل جانے سے معاشرے میں بھی تبدیلیاں واقع ہو جاتی ہیں۔ کسی معاشرے کا جیسا نظام تعلیم ہوتا ہے ویسا ہی اس سے معاشرہ تشکیل پاتا ہے۔ جیسا معاشرہ ہوتا ہے ویسی ہی اس کی تہذیب وثقافت ہوتی ہے اسی کے مطابق مقاصد تعلیم طے پاتے ہیں۔

9- **حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے تعلیم کے ذریعے عربوں کی ثقافت اور معاشرت میں کیا تبدیلیاں پیدا کیں؟**

**جواب:** حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے تعلیم کے ذریعے سے عربوں کی ثقافت کی تشکیل نو کی اور ان کی معاشرتی اور معاشی زندگی کے مختلف پہلوؤں میں ایسی تبدیلیاں پیدا کیں کہ وہ قوم جو آپ رسول اکرم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی پیدائش کے وقت کسی شمار میں نہ تھی وہ اپنی تعلیم اور ثقافت بدل جانے سے صنعت وحرفت، سائنس، معاشیات اور معاشرت میں دنیا کی امام بن گئی۔

10- **دستور پاکستان 1973ء میں پاکستان کے نظام تعلیم کے کن مقاصد کو اہمیت دی گئی؟**

**جواب:** دستور پاکستان 1973ء میں بھی پاکستان کے نظام تعلیم کے مقاصد بیان کر دیے گئے ہیں جن میں نظریہ اسلام اور نظریہ پاکستان کے تحفظ کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔

11- **پاکستان کی تعلیمی پالیسیوں کے عمومی مقاصد تعلیم تحریر کریں۔**

**جواب:** 1- نصاب اور درسی کتب کو از سر نو مرتب کرنا۔ 2- شرح خواندگی میں اضافہ کرنا اور خواتین کی تعلیم پر توجہ دینا۔
3- طلبہ کو پیشہ ورانہ اور فنی تعلیم کے حصول کے لیے تیار کرنا۔
4- غریب اور نادار طلبہ کو مفت تعلیم دینے کے لیے نجی شعبہ کی حوصلہ افزائی کرنا۔ 5- ہر سطح پر جائزہ کے نظام کو بہتر بنانا۔

12- **پاکستان میں تعلیم کے مدارج بیان کریں۔**

**جواب:** پاکستان میں تعلیم کے مدارج درج ذیل ہیں:
1- پرائمری اور ایلیمنٹری تعلیم 2- ثانوی تعلیم 3- اعلیٰ ثانوی تعلیم 4- پروفیشنل تعلیم

13- **پرائمری تعلیم سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** پاکستان میں پہلی سے پانچویں جماعت تک کی تعلیم کو پرائمری تعلیم کہا جاتا ہے۔

14- **ایلیمنٹری یا ابتدائی تعلیم سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** پہلی سے آٹھویں جماعت تک کی تعلیم مجموعی طور پر ایلیمنٹری یا ابتدائی تعلیم کہلاتی ہے۔

15- **ابتدائی تعلیم کے لیے کتنے سال کا عرصہ درکار ہوتا ہے؟**

**جواب:** ابتدائی تعلیم کی تکمیل کے لیے سکول میں داخلے کے بعد آٹھ سال درکار ہوتے ہیں۔

www.ilmkidunya.com

16- کسی ملک کے نظامِ تعلیم میں ابتدائی تعلیم کو کیا اہمیت حاصل ہے؟

جواب: ابتدائی تعلیم کسی ملک کے نظامِ تعلیم کی بنیاد ہوتی ہے اور اس کو شرح خواندگی میں اضافے کے لیے اہم سمجھا جاتا ہے۔ ملکی استحکام، قومی اتحاد اور سماجی بہبود کے لیے ابتدائی تعلیم اہم ہے۔ ان مقاصد کے حصول کے لیے ہر ملک اپنے بچوں کی ابتدائی تعلیم پر کثیر سرمایہ خرچ کرتا ہے۔

17- ثانوی تعلیم (Secondary Education) سے کیا مراد ہے؟

جواب: نویں اور دسویں جماعت کی تعلیم ثانوی تعلیم یا سیکنڈری تعلیم کہلاتی ہے۔

18- ثانوی تعلیم یا سیکنڈری ایجوکیشن کی کیا اہمیت ہے؟

جواب: ثانوی تعلیم کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ یہ تعلیم ابتدائی تعلیم اور اعلیٰ تعلیم کے درمیان ایک پل کا کام دیتی ہے۔ اس درجے میں آرٹس، سائنس، کمپیوٹر سائنس اور کامرس کی تعلیم دی جاتی ہے یہاں سے طلبہ کے مستقبل کے لیے خدوخال واضح ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ ثانوی تعلیم اگلے مدارج کے لیے ایک لانچنگ پیڈ کی حیثیت رکھتی ہے۔

19- اعلیٰ ثانوی تعلیم/ ہائر سیکنڈری تعلیم سے کیا مراد ہے؟

جواب: اعلیٰ ثانوی تعلیم/ ہائر سیکنڈری ایجوکیشن میں گیارھویں اور بارھویں جماعتیں شامل ہیں۔ اس سکیم کے تحت چلنے والے سکولوں کو ہائر سیکنڈری سکول کا نام دیا گیا ہے۔

20- اعلیٰ ثانوی تعلیم کی کیا اہمیت ہے؟

جواب: اس درجے میں مضامین کے زیادہ سے زیادہ گروپ بنا دیے جاتے ہیں تاکہ طلبا و طالبات پیشہ ورانہ یا اعلیٰ تعلیم کے اداروں میں داخلہ لے سکیں۔ اس وقت گیارھویں اور بارھویں جماعت کے لیے طلبا و طالبات ہائر سیکنڈری سکولوں یا کالجوں میں بھی داخلہ لے سکتے ہیں۔

21- نویں سے بارھویں جماعتوں کے امتحانات کون لیتا ہے؟

جواب: نویں سے بارھویں جماعتوں کے امتحانات کو بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن منعقد کرواتا ہے۔

22- پروفیشنل تعلیم سے کیا مراد ہے؟

جواب: ہائر سیکنڈری تعلیم مکمل کرنے کے بعد طلبہ اعلیٰ تعلیم یا پیشہ ورانہ تعلیم کے اداروں میں داخلہ لیتے ہیں۔ عام کالجوں میں گریجوایشن کی تعلیم [illegible] میں مکمل ہو جاتی ہے، پوسٹ گریجوایشن کے لیے مزید دو سال کا عرصہ درکار ہوتا ہے۔

23- ADP اور BS کن کالجز میں کرائی جاتی ہے؟

جواب: اب مختلف جامعات کے زیرِ اہتمام انٹرمیڈیٹ کی تعلیم کے بعد چار سالہ گریجوایشن پروگرام بھی جاری ہیں۔ جن کالجز میں انٹرمیڈیٹ کے بعد دو سالہ گریجوایشن ADP کرائی جاتی ہے۔ انھیں ایسوسی ایٹ کالجز اور جن میں چار سالہ گریجوایشن BS کرائی جاتی ہے انھیں گریجوایٹ کالجز کہا جاتا ہے۔

24- اعلیٰ تعلیم یافتہ لوگ ملکی ترقی میں کیا کردار ادا کرتے ہیں؟

جواب: اعلیٰ تعلیم یا پیشہ ورانہ تعلیم حاصل کرنے والے لوگ کسی ملک کی ترقی و خوشحالی کی بنیاد بنتے ہیں اور اپنے ملک کی سائنس اور معاشی ترقی کی رفتار تیز کر سکتے ہیں۔

25- پروفیشنل یا پیشہ ورانہ تعلیم سے کیا مراد ہے؟

جواب: پروفیشنل یا پیشہ ورانہ تعلیم سے ایسی تعلیم مراد لی جاتی ہے جس کے حصول کے بعد لوگ مختلف پیشے اختیار کر کے اپنی روزی کمانے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ تمام تعلیمی پالیسیوں میں پیشہ ورانہ تعلیم پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

26- پیشہ ورانہ تعلیم کے چند اہم شعبوں کے نام لکھیں۔

جواب: 1- میڈیکل (طب) کی تعلیم 2- انجینئرنگ کی تعلیم 3- قانون کی تعلیم 4- زرعی تعلیم
5- بزنس اور کامرس کی تعلیم 6- کمپیوٹر اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی تعلیم 7- ہوم اکنامکس 8- تربیت اساتذہ

27- میڈیکل کی تعلیم کی اہمیت بیان کریں۔

جواب: انسانی صحت کو قائم رکھنے کے لیے کسی بھی معاشرے میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کا ہونا ضروری ہے۔ انسانی جان اور صحت کو ہر معاشرہ میں بہت

www.ilmkidunya.com

# باب 6

# کھیل اور سیر و سیاحت

## مشقی کثیر الانتخابی سوالات (ٹیکسٹ بک)

i- انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے پاکستان کو بین الاقوامی کرکٹ مقابلوں میں حصہ لینے کی اجازت دی:
(الف) 1951ء (ب) 1952ء (ج) 1953ء (د) 1954ء

ii- جب پاکستان پہلی مرتبہ ہاکی کا عالمی چیمپئن بنا تو اس کے کپتان تھے:
(الف) خالد محمود (ب) اختر الاسلام (ج) سمیع اللہ (د) حسن سردار

iii- پاکستان نے اپنا پہلا عالمی کرکٹ کپ جس ملک کے خلاف جیتا:
(الف) آسٹریلیا (ب) نیوزی لینڈ (ج) ویسٹ انڈیز (د) انگلینڈ

iv- پاکستان ٹورازم ڈویلپمنٹ کارپوریشن کا قیام عمل میں آیا:
(الف) 1970ء (ب) 1972ء (ج) 1974ء (د) 1976ء

v- 1962ء میں حکومت پاکستان کی جانب سے تمغائے امتیاز سے نوازا گیا:
(الف) امام بخش (ب) جھارا (ج) بھولو (د) گاما

vi- ڈرامائی کھیل کھیلنے سے بچے کی صلاحیت میں نمایاں اضافہ ہوتا ہے:
(الف) جسمانی (ب) زبان دانی (ج) قائدانہ (د) قوت فیصلہ

vii- بین الاقوامی سطح پر کرکٹ کا ذمہ دار ادارہ ہے:
(الف) آئی سی سی (ب) پی سی بی (ج) آئی سی پی (د) پی ایف ایف

viii- بادشاہ قطب الدین ایبک کھیلتے ہوئے گھوڑے سے گر کر جاں بحق ہوا:
(الف) کبڈی (ب) گھڑ دوڑ (ج) چوگان (پولو) (د) فٹ بال

ix- پاکستان میں سیر و سیاحت کی ترقی کے لیے ادارہ قائم کیا گیا ہے:
(الف) PTDC (ب) PCB (ج) PTCL (د) PMA

x- مسجد وزیر خاں واقع ہے:
(الف) پشاور (ب) ملتان (ج) لاہور (د) سیالکوٹ

## اضافی کثیر الانتخابی سوالات

1- "ایسا کام کرنا جس سے انسان کی ذہنی اور جسمانی نشوونما ہو" کہلاتا ہے:
(A) ورزش (B) کھیل (C) غذا کھانا (D) چلنا پھرنا

2- ............کی وجہ سے ہمارا جسم چست و توانا لگتا ہے۔
(A) کھیلوں (B) خوبصورت لباس (C) اچھی خوراک (D) دودھ اور بادام

www.ilmkidunya.com

3- جس ملک کے ............ آباد ہوں گے تو ان کے ہسپتال ویران ہوں گے۔

(A) شادی ہال (B) محلات (C) کھیل کے میدان (D) کارخانے

4- ............ انفرادی کے ساتھ ساتھ اجتماعی فوائد کی طرف بھی توجہ دلاتا ہے۔

(A) جذبہ (B) کام (C) سیر (D) کھیل

5- ............ فطری طور پر کھیل کود کے شوقین ہوتے ہیں۔

(A) بوڑھے (B) نوجوان (C) بچے (D) بالغ

6- تحقیق سے یہ بات واضح ہے کہ صحت مند بچے ہی ............ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

(A) گھروں (B) کارخانوں (C) تعلیمی میدان (D) زندگی

7- کھیلوں کے برعکس باقاعدہ ............ بچوں کی طبع نازک پر گراں گزرتی ہے۔

(A) تدریس (B) شاعری (C) تلخیص (D) تحقیق

8- چھوٹے بچوں کو ............ کے ذریعے تدریس کروانی چاہیے۔

(A) کھیل کھیل (B) کتابوں (C) ٹیسٹوں (D) قلم اور کتاب

9- چھوٹے بچوں پر سبق کے حوالے سے کھیل پر مبنی کوئی نہ کوئی ............ ڈیزائن کی جائے۔

(A) ترکیب (B) حکمت عملی (C) سرگرمی (D) تدبیر

10- بڑی کلاسوں میں بھی جسمانی تعلیم اور ............ کو خاص اہمیت حاصل ہے۔

(A) نصابی سرگرمیوں (B) تعلیمی سیر (C) کھیلوں (D) محنت

11- فٹ بال، ہاکی، کرکٹ، باسکٹ بال اور بیڈمنٹن وغیرہ جیسے کھیل شامل ہو سکتے ہیں:

(A) چھوٹی کلاسز میں (B) مڈل کلاسز میں (C) بڑی کلاسز میں (D) پریپ نرسری کے لیے

12- کھیلوں سے جسم کو حرکت دینا پڑتی ہے اور جسمانی محنت و مشقت سے ............ پیدا ہوتی ہے:

(A) چستی (B) تازگی (C) قوت مدافعت (D) توانائی

13- کھیلوں میں بچوں کو سوچنے سمجھنے اور بروقت فیصلہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اس طرح ان میں بڑھتی ہے:

(A) توانائی (B) قوت فیصلہ (C) لڑنے کی صلاحیت (D) اسپرٹ

14- جب کھیل میں بچوں کے درمیان اختلاف پیدا ہوتا ہے تو دوسروں کے ............ کی اہمیت معلوم ہوتی ہے:

(A) اعتراضات (B) ہٹ دھرمی (C) نقطہ نظر (D) اقدامات

15- تعاون و ہمدردی، قاعدوں کی پابندی، اطاعت و قیادت اور اپنی باری کا انتظار کرنا شامل ہیں:

(A) جسمانی فوائد میں (B) ذہنی فوائد میں (C) اخلاقی فوائد میں (D) جذباتی و معاشرتی فوائد میں

16- ڈرامائی کھیلوں میں بچہ بولنے کی کوشش کرتا ہے، آوازوں اور جملوں کی مشق کرتا ہے جس سے صلاحیت پیدا ہوتی ہے:

(A) جسمانی (B) ذہنی و جذباتی (C) زباندانی (D) معاشرتی

17- پاکستان کا قومی کھیل ہے:

(A) کرکٹ (B) فٹ بال (C) کبڈی (D) ہاکی

18- ہاکی کا ورلڈ چیمپئن ہونا چاہیے یہ تجویز پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر نے پیش کی:

(A) حسن سردار نے (B) اختر رسول نے (C) ائیر مارشل ریٹائرڈ نور خاں نے (D) رینی فریک نے

www.ilmkidunya.com

19- پاکستان کو ہاکی کا پہلا عالمی چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل ہوا:

(A) 1965ء میں (B) 1970ء میں (C) 1971ء میں (D) 1972ء میں

20- جب پاکستان 1971ء میں ہاکی کا عالمی چیمپئن بنا تو ہاکی ٹیم کے کپتان تھے:

(A) منظور جونیئر (B) اختر رسول (C) اصلاح الدین (D) خالد محمود

21- چوتھے ورلڈ کپ میں پاکستان دوبارہ ہاکی کا چیمپئن بنا تو ٹیم کے کپتان تھے:

(A) اختر رسول (B) اصلاح الدین (C) حسن سردار (D) خالد محمود

22- 1982ء کے ہاکی کے عالمی کپ میں پاکستان کے معروف کھلاڑی حسن سردار نے گول کیے:

(A) 11 (B) 12 (C) 13 (D) 10

23- 1994ء میں پاکستان چوتھی مرتبہ ہاکی کا عالمی چیمپئن بنا جبکہ ٹیم کی قیادت ............ کے پاس تھی۔

(A) عبدالحمید حمیدی (B) شہباز سینئر (C) حسن سردار (D) اختر رسول

24- پاکستان نے پہلی بار ہاکی کے اولمپک چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا:

(A) 1960ء میں (B) 1964ء میں (C) 1968ء میں (D) 1972ء میں

25- 1960ء میں جب پاکستان ہاکی کا اولمپک چیمپئن بنا تو ٹیم کے کپتان تھے:

(A) عبدالحمید حمیدی (B) اختر رسول (C) شہباز سینئر (D) حسن سردار

26- 1960ء میں پاکستان نے فائنل میں ............ کو شکست دے کر اولمپک چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا۔

(A) جرمنی (B) ہالینڈ (C) سپین (D) بھارت

27- ہاکی کا ورلڈ کپ ہر چار سال بعد منعقد ہوتا ہے جو کہ پاکستان جیت چکا ہے:

(A) دو مرتبہ (B) تین مرتبہ (C) چار مرتبہ (D) ایک مرتبہ

28- جدید اولمپکس کا آغاز 1896ء میں ............ سے ہوا۔

(A) چین (B) ہالینڈ (C) جرمنی (D) یونان

29- اولمپک کھیل دنیا کے مختلف ممالک میں منعقد ہوتے ہیں:

(A) دو سال بعد (B) تین سال بعد (C) چار سال بعد (D) ہر سال

30- پاکستان اولمپک ہاکی چیمپئن بن چکا ہے:

(A) دو مرتبہ (B) تین مرتبہ (C) چار مرتبہ (D) پانچ مرتبہ

31- 1984ء میں پاکستان نے منظور جونیئر کی قیادت میں ہاکی کا اولمپک چیمپئن ہونے کا اعزاز حاصل کیا:

(A) دوسری بار (B) تیسری بار (C) پہلی بار (D) چوتھی بار

32- پاکستان میں کرکٹ انتظامیہ ہے:

(A) وزیر اعظم (B) سیکرٹریٹ (C) پاکستان کرکٹ بورڈ (D) کرکٹ ٹیم

33- انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے پاکستان کو بین الاقوامی کرکٹ میں حصہ لینے کی اجازت دی:

(A) 1947ء میں (B) 1950ء میں (C) 1952ء میں (D) 1960ء میں

34- پاکستان نے اپنا پہلا ٹیسٹ میچ 16 اکتوبر 1952ء کو کھیلا:

(A) انگلینڈ کے خلاف (B) بھارت کے خلاف (C) آسٹریلیا کے خلاف (D) نیوزی لینڈ کے خلاف

www.ilmkidunya.com

## مشقی مختصر جوابی سوالات (ٹیکسٹ بک)

-i کھیل سے حاصل ہونے والے ذہنی فوائد بیان کیجیے۔

جواب: کھیلوں میں بچوں کو طرح طرح کے حالات اور مختلف ہم عمر ساتھیوں سے واسطہ پڑتا ہے۔ ان سب سے نمٹنے کے لیے انھیں سوچنے سمجھنے اور بروقت فیصلہ اور اقدام کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس طرح اُن کی فہم و فراست اور قوت فیصلہ بڑھتی ہے، توجہ اور انہماک کی تربیت ہوتی ہے اور تجربات و مشاہدات میں اضافہ ہوتا ہے۔

-ii پاکستان میں کشتی کے چار مایہ ناز کھلاڑیوں کے نام لکھیے۔

جواب: پاکستان میں کشتی کے چار مایہ ناز کھلاڑیوں کے نام درج ذیل ہیں:

1- محمد عظیم عرف گاما پہلوان 2- امام بخش 3- منظور احمد عرف بھولو پہلوان 4- زبیر عرف جارا پہلوان

-iii پاکستان ٹورازم کارپوریشن کے قیام کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

جواب: پاکستان ٹورازم ڈویلپمنٹ کارپوریشن کا قیام 1972ء میں عمل میں آیا۔ اس ادارے کے قیام کا بنیادی مقصد ملک میں سیر و سیاحت کی صنعت کو فروغ دینا تھا جس کے لیے اندرون اور بیرون ملک کے سیاحوں کو ملک کے تاریخی اور پُر فضا مقامات کی سیر و سیاحت کے لیے بہترین معلومات فراہم کی جائیں اور وہ تمام سہولیات دی جائیں جن کی سیاحوں کو ضرورت ہوتی ہے۔

-iv پاکستان میں سیاحت کو درپیش کوئی سے دو مسائل بیان کریں۔

جواب: 1- سیاحوں کے لیے ذرائع نقل و حمل کا فقدان۔

2- دہشت گردی، جس سے غیر ملکی سیاح خصوصاً خود کو غیر محفوظ تصور کرتے ہیں۔

-v پاکستان میں سیاحت کے فروغ کے لیے تجاویز پیش کیجیے۔

جواب: پاکستان میں سیاحت کے فروغ کے لیے تجاویز درج ذیل ہیں:

1- ٹرانسپورٹ کے نظام کو بہتر بنایا جائے۔

2- دہشت گردی کے واقعات پر قابو پا کر امن و امان کی صورت حال کو اطمینان بخش بنایا جائے۔

-vi کبڈی کا کھیل کن ممالک میں مقبول ہے؟

جواب: کبڈی کا کھیل بھارت اور پاکستان میں مقبول ہے۔

-vii پاکستان نے ہاکی کے کتنے ورلڈ کپ جیتے ہیں؟ سال بھی لکھیں۔

جواب: پاکستان چار مرتبہ (1971ء، 1978ء، 1982ء، 1994ء) ہاکی کا ورلڈ کپ جیت چکا ہے۔

-viii پاکستان میں کتنی مرتبہ ہاکی کا اولمپک چیمپئن بنا؟ سال بھی لکھیں۔

جواب: پاکستان تین مرتبہ (1960ء، 1968ء، 1984ء) اولمپک ہاکی چیمپئن بن چکا ہے۔

-ix ملاکھڑا کھیل کیسے کھیلا جاتا ہے؟

جواب: ملاکھڑا ایک مقبول عوامی سندھی کشتی ہے جو جاپانی سوموکشتی کی طرح کھڑے کھڑے حریف کو گرا کر چت کرنے کی کوشش میں مشتمل ہوتی ہے۔

-x کھیل اور سیر و سیاحت میں تعلق بیان کریں۔

جواب: کھیل اور سیر و سیاحت دونوں کا شمار صحت مند سرگرمیوں میں ہوتا ہے۔ ان سے نظم و ضبط، مسائل کا سامنا کرنے کی ہمت اور جذبہ ذہنی راحت اور جسمانی ورزش جیسے فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ تاریخ اور جغرافیہ کے متعلق معلومات ملتی ہیں۔ کھیل اور سیر و سیاحت انسان کی شخصیت کی تعمیر میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں جس سے ایک صحت مند معاشرے کے قیام میں مدد ملتی ہے۔

www.ilmkidunya.com

## اضافی مختصر جوابی سوالات

1- **کھیل سے کیا مراد ہے؟**

جواب: کھیل سے مراد ایسا کام کرنا ہے جس سے انسان کی ذہنی اور جسمانی نشو ونما ہو۔

2- **کھیلوں کی اہمیت بیان کریں۔**

جواب: انسان کی زندگی میں کھیل بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ کھیلوں کی وجہ سے ہمارا جسم چست و توانا نظر آتا ہے اگر کھیل نہ ہوں تو ہمارا جسم بالکل لاغر اور کمزور ہو جاتا ہے۔ کھیل انسان میں پھرتی، چستی، چالاکی اور لچک جیسی قائدانہ صلاحیتیں پیدا کرتے ہیں۔ یہ انسان میں انفرادی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ اجتماعی صلاحیتیں بھی پیدا کرتے ہیں، جیسا کہ قوت برداشت، قوت حافظہ، طاقت اور جسمانی مضبوطی وغیرہ۔

3- **کھیلوں سے متعلق مشہور مقولہ کیا ہے؟**

جواب: کھیلوں سے متعلق مشہور مقولہ یہ ہے ''جس ملک میں کھیل کے میدان آباد ہوں تو وہاں کے ہسپتال ویران ہوں گے اور کھیل کے میدان ویران ہوں گے تو اس ملک کے ہسپتال آباد ہوں گے''۔

4- **کھیل سے کون سے اجتماعی فوائد حاصل ہوتے ہیں؟**

جواب: کھیل کے انفرادی فوائد کے ساتھ ساتھ اجتماعی فوائد کی طرف بھی توجہ دلاتا ہے۔ کھیل انسان میں قوت برداشت، حافظہ، طاقت اور جسمانی اعضاء کی مضبوطی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

5- **کھیل کود میں بچوں کی کیا دلچسپی ہوتی ہے؟**

جواب: بچے فطری طور پر کھیل کود کے شوقین ہوتے ہیں جس سے ان کے اعضائے جسمانی کی ورزش ہوتی رہتی ہے جو ان کی بہتر نشو ونما کا پیش خیمہ بنتی ہے۔

6- **صحت مند بچوں کا تعلیم میں کردار کیا ہے؟**

جواب: تحقیق سے یہ بات واضح ہے کہ صحت مند بچے ہی تعلیمی میدان میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اس سے نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ جسمانی تعلیم اور کھیلوں پر زور دینے کی ضرورت ہے۔

7- **ابتدائی کلاسز میں کھیل کی سرگرمیوں کی کیا اہمیت ہے؟**

جواب: کھیل بچوں کا محبوب ترین مشغلہ ہی نہیں بلکہ زندگی کی علامت، صحت و عافیت کا ضامن، نشو ونما میں معاون اور تعلیم و تربیت کا موثر ترین ذریعہ بھی ہے۔

8- **صرف علم سے بچوں پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟**

جواب: باقاعدہ اور مسلسل تدریس بچوں کے لیے بیگار اور ان کی طبع نازک پر گراں بار ہوتی ہے لکھنے پڑھنے جیسے خشک کام سے ان کی طبیعت جلد اُکتا جاتی ہے۔

9- **کھیل کھیل میں تعلیم دینے سے بچوں پر کیا اثرات مرتب ہوں گے؟**

جواب: چھوٹے بچوں کو کھیل کے ذریعے تدریس کروائی جانی چاہیے تاکہ وہ کھیل ہی کھیل میں سیکھ سکیں اس سے نہ صرف لطف اندوز ہوں بلکہ موثر تدریس بھی ہو سکے۔

10- **بڑی کلاسوں میں کھیل کی سرگرمیوں کی کیا اہمیت ہے؟**

جواب: بڑی کلاسوں میں جسمانی تعلیم اور کھیلوں کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ کیونکہ بڑی کلاسز میں طلبہ کو صحت مند رکھنا اور بھی ضروری ہو جاتا ہے۔ انھیں کھیلوں میں مشغول رکھ کر مقابلے کی فضا پیدا کر کے ان کی طاقت کو مثبت رخ دیا جا سکتا ہے۔

11- **بڑی کلاسز کے لیے کون کون سے کھیل ہو سکتے ہیں؟**

جواب: بڑی کلاسز کے کھیلوں میں فٹ بال، ہاکی، کرکٹ، باسکٹ بال، بیڈمنٹن، ٹیبل ٹینس اور اتھلیٹکس وغیرہ ہو سکتے ہیں۔

12- **کھیلوں کے جسمانی فوائد تحریر کریں۔**

جواب: کھیلوں میں جسمانی مشقت کی ضرورت پیش آتی ہے جس سے سانس کی آمد و رفت کے دوران خون، نظام انہظام اور اخراج میں باقاعدگی رہتی ہے۔ اعصاب اور عضلات پر کنٹرول حاصل ہوتا ہے اور اعضا اپنی اپنی جگہ ٹھیک کام کرتے ہیں۔

www.ilmkidunya.com

13- **کھیلوں کے فکری فوائد تحریر کیجیے۔**

جواب: کھیلوں میں بچوں کو طرح طرح کے حالات اور مختلف ہم عمر ساتھیوں سے واسطہ پڑتا ہے ان کے نمٹنے کے لیے انھیں سوچنے سمجھنے اور بروقت فیصلہ اور اقدام کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

14- **کھیلوں کے جذباتی و معاشرتی فوائد بیان کیجیے۔**

جواب: اجتماعی کھیلوں کے ذریعے سے بچے اپنے ساتھیوں کے ساتھ تعاون و ہمدردی، قاعدوں ضابطوں کی پابندی، مقابلہ و مسابقت میں اعتدال، اطاعت و قیادت، دھاندلیوں کا مقابلہ اور اپنی باری کا انتظار کرنے کی تربیت حاصل کرتے ہیں۔

15- **کھیلوں کے چار فوائد تحریر کریں۔**

جواب: 1- کھیل بچوں کو مثبت سرگرمیوں میں مشغول رکھتے ہیں جس سے وہ زمانے کی الجھنوں اور پریشانیوں سے دور رہتے ہیں۔

2- ان کی افزائش اچھی ہوتی ہے۔

3- ان کو زندگی میں آگے بڑھنے اور زندگی کا مقصد نظر آنا شروع ہو جاتا ہے اور وہ اس کو حاصل کرنے کے لیے سخت محنت کرتے ہیں۔

4- بیماریوں سے چھٹکارا ملتا ہے۔

16- **موثر ابلاغ کی تربیت میں کھیل کیا کردار ادا کرتے ہیں؟**

جواب: جب ڈرامائی کھیل کھیلے جاتے ہیں جن میں بچہ کوئی کردار ادا کرتا ہے تو اس کے مطابق خود کو ڈھالتا ہے اور بولنے کی کوشش کرتا ہے۔ کھیل کھیلتے ہوئے بچہ لفظوں آوازوں اور جملوں کی مشق کرتا ہے تو کھیل ہی میں گرامر سیکھتا ہے۔

17- **ہاکی کے ورلڈ چیمپئن کپ کا آغاز کس طرح ہوا؟**

جواب: 1969ء میں پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر ائیر مارشل ریٹائرڈ نور خان نے ایف آئی ایچ کے اجلاس میں ہاکی کے عالمی کپ کی تجویز پیش کی۔ اپریل 1970ء میں اس کی باقاعدہ منظوری دی گئی۔

18- **ہاکی کا پہلا عالمی چیمپئن بننے کا اعزاز کب پاکستان کو ملا؟**

جواب: پاکستان نے 1971ء میں سپین کے شہر بارسلونا میں ہاکی کا پہلا عالمی چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا۔ اس وقت پاکستانی ٹیم کے کپتان خالد محمود تھے۔

19- **پاکستان نے دوسری مرتبہ عالمی چیمپئن بننے کا اعزاز کب حاصل کیا؟**

جواب: ہاکی کے چوتھے عالمی کپ میں پاکستان نے عالمی اعزاز دوبارہ حاصل کر لیا ارجنٹائن کے شہر بیونس آئرس میں منعقدہ عالمی کپ کے تمام میچز میں کامیابی حاصل کی اس وقت ٹیم کے کپتان صلاح الدین تھے۔

20- **پاکستان نے ہاکی کا عالمی چیمپئن بننے کا تیسری بار اعزاز کب حاصل کیا؟**

جواب: 1982ء میں بھارت میں منعقدہ عالمی کپ میں پاکستان ہاکی ٹیم اپنے اعزاز کا دفاع کرنے میں کامیاب ہوئی اس وقت ٹیم کے کپتان اختر رسول تھے۔ اسی ٹورنامنٹ میں حسن سردار نے حیران کن انداز سے گیارہ گول کر کے پاکستان کی جیت میں اہم کردار ادا کیا۔

21- **ہاکی کے عالمی چیمپئن کا اعزاز چوتھی مرتبہ کب اور کہاں حاصل کیا؟**

جواب: 1994ء میں شہباز سینئر کی قیادت میں پاکستانی ٹیم ایک مرتبہ پھر فاتح عالم بنی۔ سڈنی آسٹریلیا میں ہالینڈ کو شکست دے کر پاکستانی ٹیم نے چوتھی مرتبہ ورلڈ چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا۔

22- **ہاکی کا ورلڈ کپ کتنے سال بعد منعقد ہوتا ہے؟**

جواب: ہاکی کا ورلڈ کپ چار سال بعد منعقد ہوتا ہے۔ پاکستان چار مرتبہ ہاکی کا ورلڈ کپ جیت چکا ہے۔

www.ilmkidunya.com